# فنونِ لطیفہ کی تعلیم

## تیسری جماعت

مفت تقسیم کے لیے



Tele
MANAS
National Tele Mental Health Programme
14416

## (ٹیلی مینٹل ہیلتھ اسسٹنس اینڈ نیٹ ورکنگ اکراس اسٹیٹس)

## Tele MANAS (Tele Mental Health Assistance and Networking Across States)

**(14416/1800-89-14416)**

قومی ذہنی صحت پروگرام کے تحت ’ٹیلی مانس‘ مرکزی حکومت کی اسپانسر شدہ ’ایک اسکیم‘ ہے جو ریاست مہاراشٹر میں شروع کی گئی ہے۔ یہ پروگرام اکتوبر 2022 سے جاری ہے۔ ٹیلی مانس کے تحت فون نمبر 14416 کے ذریعے ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ذہنی صحت سے متعلق جامع خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مختلف ذہنی مسائل کے شکار افراد کے لیے ماہرین کے ذریعے مشورے اور علاج سے متعلق معلومات دستیاب ہے۔ ٹیلی مانس ہیلپ لائن پر کی جانے والی کال کے ذریعے دی گئی تمام معلومات مکمل رازداری میں رکھی جاتی ہے۔ والدین، طلبہ اور اساتذہ بلا جھجک اپنے مسائل اور پریشانیوں کے بارے میں فون پر بات کریں اور اس ہیلپ لائن سے دیگر لوگوں کو بھی فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں۔

## منودرپن ہیلپ لائن

منودرپن (8448440632) یہ مفت ٹیلی فون خدمات جولائی ۲۰۲۰ء سے وزارتِ تعلیم کی جانب سے نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ میں ’منودرپن سیل‘ کے ذریعے طلبہ، سرپرستوں اور اساتذہ کو نفسیاتی رہنمائی اور مدد دینے کے لیے ہفتے کے آٹھوں دن صبح ۸ بجے سے رات ۸ بجے تک فراہم کی جارہی ہیں۔ طلبہ، سرپرست اور اساتذہ ضروری رہنمائی اور مشاورت حاصل کرنے کے لیے اس ہیلپ لائن پر بھی فون کرسکتے ہیں۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر-نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴، مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کارکمیٹی کی ۱۳/اپریل ۲۰۲۶ء کو منعقدہ نشست میں اس درسی کتاب کو تعلیمی سال ۲۰۲۶-۲۰۲۷ء سے متعین کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

سَمگر شِکشا



# فنونِ لطیفہ کی تعلیم

## تیسری جماعت



مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نِرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۔

سامنے درج Q.R. Code کو اسمارٹ فون کے ذریعے اسکین کرنے پر ہمیں ڈیجیٹل درسی کتاب اور درسی کتاب کے اسباق سے متعلق مفید سمعی، بصری اور سمعی بصری وسائل کی صورت میں مواد دستیاب ہوگا۔

پہلا ایڈیشن : ۲۰۲۶ء

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

## فنونِ لطیفہ کی تعلیم مضمون کمیٹی

شری ششی کانت دیشمکھ (صدر)
شری شیواجی ہانڈے (رکن)
شری گورکشناتھ آبوج (رکن)
شری شریکانت ڈھالکر (رکن)
شریمتی پونم بھوپلے (رکن)
شریمتی چھایا مالوال (رکن)
شریمتی اسنیہا گاڑے (رکن)
ڈاکٹر سمیدھا ٹھاکر (رکن)
شری نندکشور نگرکر (مدعو)
شریمتی مرگیا مورے (مدعو)
شری امول جادھو (مدعو)
شری تتن مہامنی (مدعو)
شریمتی ورشالی لیلے (مدعو)
شریمتی نیتالی ہرگڑے (مدعو)
شری اونکار وَیراگ کر (مدعو)
شری امول بودھے (مدعو)
شریمتی جوئی دیشنکلر (مدعو)
شریمتی رشمی جوشی (مدعو)
ڈاکٹر گیتا نجلی بوروڑے (نصاب رابطہ کار)
ڈاکٹر اجے کمار لولگے (رکن-سیکریٹری)

## اُردو مترجمین

- جناب عبدالاعلیٰ عبداللطیف
- جناب وسیم احمد محمد فاروق مومن
- جناب محمد ابراہیم حسین لکشمیشور

## رابطہ کار اُردو

جناب خان نوید الحق انعام الحق
انچارج اسپیشل آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی، پونہ
جناب ناصر علی یعقوب علی شیخ
انچارج اسسٹنٹ آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی، پونہ

## جائزہ کار

شری پرمود کامبلے (معیار جائزہ کار)
ایڈووکیٹ سندیش ساکھرے (ماہر قانون)
پروفیسر ولاس پنڈت (ماہر CWSN)

## اُردو کمپوزنگ

آصف نثار سیّد، یسری گرافکس، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونہ

## سرورق اور اندرونی تصاویر

شری لکشی کانت کالے، شریمتی پراجکتا کیرکر،
شری منوہر باویسکر، شریمتی پراچی پوتدار،
شری سوہم اوتاری، شری اجے پراڑکر

## مراٹھی رابطہ کار

ڈاکٹر اجے کمار لولگے
انچارج اسپیشل آفیسر، عملی تجربہ اور فنونِ لطیفہ، بال بھارتی، پونہ

پیپر : 70 جی ایس ایم، کریم واو
پرنٹ آرڈر : N/PB/2026-27/Qty. 8600
پرنٹر : M/s Shivpriya Printers, Pune

## پروڈکشن

شریمتی بیتالی شِتپ
چیف پروڈکشن آفیسر

شری سندیپ اجگاؤکر
پروڈکشن آفیسر

## ناشر

شری ہیمنت بابر
انچارج کنٹرولر
پاٹھیہ پستک نرمتی منڈل، پربھادیوی، ممبئی - ۲۵۔

# بھارت کا آئین

## تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :
**انصاف**، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛
**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛
**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،
اور ان سب میں
**اُخوّت** کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور
سالمیت کا تیقن ہو؛
**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین**
**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

# بھارت کا آئین

### حصہ 4 الف

## شہریوں کے بنیادی فرائض

**اقتباس 51 الف**

**بنیادی فرائض - بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ -**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔
(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔
(ج) بھارت کے اقتدار اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔
(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔
(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔
(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔
(ز) قدرتی ماحول کو محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔
(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔
(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔
(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔
(ک) سرپرستوں کو چاہیے کہ چھے سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

# راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ – اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ – بھاگْیَہ وِدَھاتا۔

پَنْجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگَ،

وِنْدھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَلَ دِھ تَرَنگ،

تَوَشُبھَ نامے جاگے، تَوَشُبھ آ شِسَ ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ – بھاگْیَہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

# عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

پیارے بچّو،

تیسری جماعت میں تم سب کا خیر مقدم ہے۔فن کی تعلیم تیسری جماعت کی یہ درسی کتاب آپ کے ہاتھوں میں دیتے ہوئے،ہمیں بڑی خوشی ہو رہی ہے۔

تمھیں کھیلنا، گیت گانا، تصویریں بنانا اور رنگ بھرنا، اداکاری کرنا، رقص کرنا اور مٹی سے چیزیں تیار کرنا اچھا لگتا ہے، ہے نا؟ یہ سب چیزیں تمھیں اس درسی کتاب کے ذریعے کرنے کو ملیں گی۔ بصری فنون، اسٹیج اداکاری، موسیقی اور رقص ان فن کی اقسام کے تمام کاموں میں تم خوب دھوم مچانے والے ہو۔اس کے ساتھ تم ان فنون کا مظاہرہ بھی کر سکو گے۔ کچھ تیار کی ہوئی چیزیں دوسروں کو تحفے میں بھی دے سکو گے۔اس سے آپ کو خوشی اور شاباشی ضرور ملے گی۔

فن اور ثقافت کی ان سرگرمیوں کے ذریعے عظیم بھارتی روایت کا مختصر تعارف حاصل ہوگا۔تمھارے جیسے ہنرمند، تخلیقی، قابل طلبہ کو اپنی صلاحیت کا اظہار کرنے کے لیے یہ درسی کتاب ایک بہترین وسیلہ ثابت ہوگی۔ اس سے تمھاری ہنرمندی، نئی چیزیں بنانے کی صلاحیت اور معیار بڑھانے میں مدد ملے گی۔تو آؤ فن سے بھرپور مطالعے کا تجربہ لیتے ہیں!

اس درسی کتاب کے کچھ صفحات پر کیو۔آر۔کوڈ دیے ہوئے ہیں۔ درسی کتاب میں پسند آنے والی سرگرمیاں ہمیں بطور رائے بتانا مت بھولنا۔اس میں مزید نئی چیزیں شامل کر کے اس کتاب کو مزید بھرپور بنایا جا سکتا ہے۔

فن کی تعلیم کی اس درسی کتاب کی تمام سرگرمیاں خوشی، جوش اور کامیابی سے مکمل کرنے کے لیے دل کی گہرائیوں سے نیک خواہشات!

کیو۔آر۔کوڈ کے ذریعے ملنے والی معلومات بھی تمھیں بہت پسند آئیں گی۔تمھاری پیش کی ہوئی فن کی تخلیقات کے بصری مواد پاٹھیہ پستک منڈل کو ضرور بھیجو۔

(انورادھا اوک)
ڈائرکٹر
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔
تاریخ: ۱۹/اپریل ۲۰۲۶ء
بھارتی سور: ویشاکھ ش ۲، شکے ۱۹۴۸

# اساتذہ کے لیے

قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء کی رہنما ہدایات کے مطابق فنونِ لطیفہ کی تعلیم مضمون طلبہ کی ہمہ گیر ترقی کے لیے بہت اہم سمجھا گیا ہے۔ طلبہ کی تخلیقی صلاحیت کو فروغ دینا، قوتِ تخیل میں اضافہ کرنا، اظہار کے لیے حوصلہ افزائی کرنا اور سیکھنے کے عمل کو خوشگوار بنانا، یہ فنونِ لطیفہ کی تعلیم کے نصاب کا مقصد ہے۔

اس درسی کتاب میں بصری فنون، اسٹیج، موسیقی، رقص اور حرکات وسکنات ان چار فن کی اقسام کو شامل کیا گیا ہے۔ ہر فن کی قسم سے طلبہ کو مشاہدہ کرنے، پیش کش کرنے، نئی چیزیں بنانے اور اپنے تصورات کے اظہار کرنے کا موقع ملے گا۔

عمل پر مبنی سرگرمی، گروہی کام، بات چیت اور اداکاری کے تدریسی طریقوں کا استعمال کر کے تدریسی تجربات دیے جائیں۔ ہر سرگرمی سے پُر لطف تعلیمی عمل پر زور دیا جائے۔ بصری فنون، اسٹیج، موسیقی، رقص اور حرکات وسکنات کے ذریعے طلبہ اپنے خیالات، جذبات اور تصورات کا آسانی سے اظہار کرسکیں گے۔ درسی کتاب میں اضافی معلومات دی ہوئی ہے لیکن اس معلومات پر سوالات یا امتحان نہ لیتے ہوئے عملی کام پر زیادہ زور دینا متوقع ہے۔

اس درسی کتاب کو چار حصوں بصری فنون، اسٹیج، موسیقی اور رقص اور حرکات وسکنات میں تقسیم کیا گیا ہے لیکن سالانہ منصوبہ بندی میں ان چاروں حصوں کے اجزا کو یکساں طور پر لیا جائے تاکہ طلبہ کو سال بھر چاروں فن کی قسم کا لطف اور تجربہ حاصل ہو۔ کیو۔ آر۔ کوڈ کا صحیح استعمال کریں۔ ہر حصے کے لیے نیچے کچھ ہدایات دی ہوئی ہیں۔

## بصری فنون

- مختلف قسم کی لکیروں اور شکلوں کے ساتھ ساتھ خوبصورت حروف لکھنے کے لیے مختلف حروف کے اجزا کی مشق کرائیں۔
- فطری اجزا اور انسان کے پیدا کردہ اجزا کے درمیان فرق سمجھائیں اور ان کی مثالیں دیں۔
- یادداشت سے تصویر بنانے کا طریقہ سمجھائیں لیکن تصویر بناتے وقت دوسروں کی بنائی ہوئی تصویروں کی نقل نہ کریں اس بات کا خیال رکھیں۔ اسی طرح واقعے کی تفصیل بیان کر کے یادداشت سے تصویر بنانے کی ترغیب دیں۔
- یادداشت تصویر اور تخیلاتی تصویر کے نمونے دکھا کر دونوں میں فرق واضح کریں۔ ان کے تخیل کو فروغ ملے ایسی کہانیاں/ واقعات سنا کر ماحول بنائیں۔
- مختلف قسم کی تصویروں کے نمونے، عکسی تصویریں، مجسّموں کے نمونے جمع کریں اور اس مجموعے کو تعلیمی وسائل کے طور پر استعمال کریں۔
- تمام طلبہ کو ضروری نہیں کہ بصری فنون کی تصویریں بنانا پسند ہوں، اس کے متعلق دلچسپی پیدا کرنے کے لیے ترغیبی تدریسی تجربات عملی مظاہرے کے ذریعے فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس نقطۂ نظر سے اگر کوئی طالب علم نیا بصری فن پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کی حوصلہ افزائی کریں، مناسب رہنمائی کریں۔
- مقامی فن کی اقسام اور فنکاروں کا تعارف کروائیں۔ اگر ممکن ہو تو مقامی فنکاروں کے ورکشاپ کا دورہ منعقد کریں۔

## اسٹیج (تھیٹر)

- جماعت میں خوشگوار ماحول تیار کر کے آسان اور فطری حرکات، حرکات وسکنات اور خاموش اداکاری کرائیں۔ چھوٹے چھوٹے گروہ بنا کر واقعات/ مناظر پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- جانور، پرندے، فطرت کے مختلف اجزا کا کردار دے کر اداکاری کرائیں۔
- اپنے مکالمے اور حرکات پیش کرنے کا موقع دیں۔ تصویر دکھا کر سوالات پوچھیں۔ مثلاً تمھیں تصویر میں کیا نظر آتا ہے؟
- ہر ایک کو کردار دے کر پیشکش میں شریک کریں۔ روزمرہ کے تجربات سے منسلک واقعات/ مناظر منتخب کریں۔
- پیشکش کے دوران حرکات وسکنات کرتے وقت حفاظت کا خاص خیال رکھا جائے۔ دستیاب مواد کو مختلف طریقوں سے استعمال کرنے کی عادت ڈالی جائے۔
- ایک گروپ کی پیشکش کا دوسرے گروپ کے طلبہ کو مشاہدہ کرنے کا موقع دیا جائے۔ انھیں مشاہداتی تاثرات دینے کے لیے راغب کیا جائے۔ ’کلاس روم تھیٹر‘ کے تصوّر پر عمل درآمد کیا جائے۔

## موسیقی

- جماعت میں خوشگوار اور پُر جوش ماحول پیدا کر کے طلبہ کی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔
- گیت سکھاتے وقت خود گا کر سنایا جائے۔ گیت، نظم یا گانے کے چھوٹے چھوٹے حصے کر کے سکھایا جائے۔
- تال، لَے اور سُر کی پہچان آسان مثالوں کے ذریعے کرائی جائے۔ تال کے لیے تالیوں کا استعمال کر کے گیت کو مزید دلچسپ اور پُر کشش بنایا جائے۔ انفرادی اور جگل بندی گانے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- عوامی موسیقی جیسے مناجات، حمد، نعت، منقبت، دعا اور چکّی گیت سے واقف کرائیں اور عملی مشق کے ساتھ ان کی مشق کرائی جائے۔
- دستیاب سازوں (ڈھول، تال، دف، ہارمونیم، طبلہ وغیرہ) کا استعمال کر کے تال کی سمجھ پیدا کی جائے۔ چھوٹے چھوٹے گروپوں میں تقسیم کر کے گانے کی مشق کرائی جائے۔
- ہر طالب علم کو گانے یا ساز بجانے میں شمولیت کا موقع دے کر ان کے خود اعتمادی میں اضافہ کیا جائے۔
- دستیاب وسائل اور مواد یا ویڈیو کے ذریعے سُر اور ادبی اصناف کی تال و سُر کے ساتھ مشق کرائی جائے۔
- **پہلے صفحے پر موجود کیو۔ آر۔ کوڈ کا استعمال کر کے گیت سنائے اور سکھائے جائیں۔ گروہی اور انفرادی پیشکش کے ذریعے جانچ کی جائے۔**

## رقص اور حرکات وسکنات

- جماعت میں خوشگوار اور پُر جوش ماحول پیدا کر کے ہر طالب علم کو رقص میں شامل ہونے کی ترغیب دی جائے۔
- آسان، فطری اور قدرتی حرکات کے ذریعے رقص کا تعارف کرایا جائے۔
- روزمرہ کی حرکات (جیسے چلنا، کودنا، گھومنا) کو رقص میں تبدیل کرنے کے لیے کہا جائے۔
- تال، لَے اور رفتار کا احساس کھیل ہی کھیل میں کرایا جائے۔
- چہرے کے مختلف تاثرات (خوشی، غم، حیرت) کا اظہار کرنے کے لیے رہنمائی کی جائے۔
- چھوٹے چھوٹے گروپوں میں آسان رقص کے تجربات پیش کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ ہر طالب علم کو رقص میں اپنے طرز و اسلوب میں اظہار کا موقع دیا جائے۔
- رقص کے دوران جسمانی حفاظت، مناسب فاصلہ رکھنے اور موزوں لباس پہننے کے بارے میں ہدایات دی جائیں۔
- دستیاب وسائل و مواد (موسیقی، جگہ) کا صحیح استعمال کر کے رقص کے مختلف تجربات فراہم کرنے کی کوشش کی جائے۔
- رقص کے اختتام پر انھوں نے کیا محسوس کیا/سیکھا، اس پر مختصر بات چیت کرائی جائے۔ تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو فروغ دینے والے مثبت تاثرات دیے جائیں۔

تمام قسم کے طلبہ کو مدنظر رکھ کر، ایک ہمہ جہت اور جامع نظریے کے ساتھ یہ درسی کتاب تیار کی گئی ہے۔ ہر طالب علم اپنی صلاحیت کے مطابق اس میں حصہ لے سکے اور ان کی فنکارانہ صلاحیتوں کو جلا ملے، اس مقصد کے لیے اس درسی کتاب میں سرگرمیوں کی ترتیب میں حساسیت کو مدنظر رکھیں۔

توقع ہے کہ اساتذہ ہر فنی گروپ کے لیے دیے گئے نصاب کے مقاصد، صلاحیتوں اور آموزشی ماحصل کو بنیاد بنا کر مزید مؤثر طریقے سے تدریسی فرائض انجام دیں گے۔ اس سے فنونِ لطیفہ کو ایک جامع اور متبادل زاویۂ نظر سے دیکھنے والے ہنرمند طلبہ تیار ہوں گے اور وہ ایک خوشگوار زندگی گزار سکیں گے، یہی اس کتاب کا اصل مقصد ہے۔ آیئے، اس کے لیے ہم سب مل کر کوشش کریں۔

**فنونِ لطیفہ کی تعلیم مضمون کمیٹی**

پاٹھیہ پستک منڈل، پونہ

مخصوص ضروریات کے حامل طلبہ کی درس و تدریس کے لیے اساتذہ اشاراتی علامات کی زبان (Sign Language) اور دیگر معاون تدریسی طریقوں کا استعمال کریں۔ مخصوص ضروریات کے حامل طلبہ کو جس طریقے سے بھی ممکن ہو انھیں اظہار کرنے کا موقع دیں۔

| فنونِ لطیفہ کی تعلیم - تیسری جماعت | |
| --- | --- |
| **بصری فنون** | |
| **نصابی ہدف CG-1** : فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔ | |
| **صلاحیت C-1.1** : روزمرہ زندگی میں جذبات، احساسات اور تصورات کی عکاسی کرنے والے مختلف تاثرات پر جوش طریقے سے تیار کرتا ہے۔ | |
| **آموزشی ماحصل** | **نمبر** |
| ماحول کے مختلف اجزا (عناصر) کا آسان طریقے سے خاکہ بناتا ہے۔ | 03AE01 |
| ماحول کے مختلف اجزا کی یادداشت کے ذریعے عکاسی کرتا ہے۔ | 03AE02 |
| تصویر میں اپنے تصورات کو آزادانہ طور پر بیان کرتا ہے۔ | 03AE03 |
| ماحول کے مختلف اجزا کا اپنے تخیل سے خاکہ بناتا ہے۔ | 03AE04 |
| **صلاحیت C-1.2** : بصری فنون میں باہمی ہم آہنگی سے کام کرتے ہوئے مختلف تصورات اور تاثرات پر گفتگو کرتا ہے۔ | |
| حروف کے اجزا کی پہچان کر کے حرف لکھتا ہے۔ | 03AE05 |
| مختلف حروف کے نمونوں میں سے خوبصورت اندازِ تحریر کو تلاش کر کے حروف لکھنے میں استعمال کرتا ہے۔ | 03AE06 |
| **نصابی ہدف CG-2** : فن کے کام کی مشق کے لیے اپنی تصوراتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کو آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-2.1** : روزمرہ کے مشاہدے، ذاتی تجربے اور جذبات کا تجزیہ کرتے ہوئے بصری اجزا (لکیر، شکل، رنگ، ساخت، سطح) کے مختلف امتزاج کو تخلیقی طور پر استعمال کرتا ہے۔ | |
| لکیر کا تصور سمجھ کر آزاد ہاتھ سے لکیر کھینچتا ہے۔ | 03AE07 |
| مختلف ماحولیاتی اجزا کے شکلوں کی یادداشت کے ذریعے عکاسی کرتا ہے۔ | 03AE08 |
| ماحول کے قدرتی اجزا کی یادداشت کے ذریعے عکاسی کرتا ہے۔ | 03AE09 |
| روزمرہ کے استعمال کی چیزوں کی آسان طریقے سے عکاسی کرتا ہے۔ | 03AE10 |
| **صلاحیت C-2.2** : جماعت میں پیش کیے گئے فن پاروں کے مناظر، اجزا، تصورات اور اظہار کا موازنہ اور تضاد واضح کرتا ہے۔ | |
| شکلوں کا تقابلی خاکہ بنا کر عکاسی کرتا ہے۔ | 03AE11 |
| شکل اور رنگوں کے امتزاج سے نقش و نگاری کرتا ہے۔ | 03AE12 |
| گہرے اور ہلکے رنگوں میں فرق پہچان کر ان رنگوں کا نقشہ و نگاری میں استعمال کرتا ہے۔ | 03AE13 |
| **نصابی ہدف CG-3** : فنون کے بنیادی عمل، مواد اور وسائل پر عبور حاصل کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1** : بصری فنون میں کام کرتے ہوئے استعمال ہونے والا مواد، آلات اا ور وسائل کا انتخاب کرتا ہے۔ | |
| مختلف وسائل کا استعمال کر کے بافت (بناوٹ) بناتا ہے۔ | 03AE14 |
| دستیاب مختلف مواد، وسائل اور ذرائع کا خاکہ بنانے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ | 03AE15 |
| چھپائی کے لیے مختلف چیزوں کا استعمال کرتا ہے۔ | 03AE16 |
| ماحول میں دستیاب ذرائع اور وسائل کو جمع کر کے ان سے سہ ابعادی ساخت تیار کرتا ہے۔ | 03AE17 |
| **صلاحیت C-3.2** : ذاتی اور اجتماعی بصری فن پارے تیار کرتے وقت منصوبہ بندی، عمل درآمد اور پیشکش کے مراحل پر عمل کرتا ہے۔ | |
| کاغذ کے ٹکڑے چپکا کر ذاتی / گروہ میں کولاج تیار کرتا ہے۔ | 03AE18 |
| دستیاب مواد وسائل اور ذرائع کو یکجا کر کے آسان سہ ابعادی شکلیں بناتا ہے۔ | 03AE19 |
| جمع کیے ہوئے ماحول دوست مواد سے سادہ شکلیں انفرادی/گروہ میں تیار کرتا ہے۔ | 03AE20 |
| **نصابی ہدف CG-4** : آس پاس کے قدرتی حسن کو محسوس کرنا اور مختلف مقامی فنکاروں اور ثقافتی روایات کے بارے میں دلچسپی پیدا کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-4.1** : فطرت کے بصری اجزا کو پہچانتا ہے اور ان کی فنی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ | |
| مختلف لکیروں اور شکلوں کے خاکے میں فرق سمجھ کر خاکہ بناتا ہے۔ | 03AE21 |
| مختلف لکیروں اور شکلوں کو پہچان کر ان کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خاکہ بناتا ہے۔ | 03AE22 |
| فطرت کے مختلف اجزا کا آسان طریقے سے خاکہ بناتا ہے۔ | 03AE23 |
| **صلاحیت C-4.2** : مقامی فنکار اور ثقافت کے بارے میں دلچسپی دکھاتا ہے۔ | |
| مقامی ثقافت کے بارے میں معلومات دیتا ہے۔ | 03AE24 |
| مقامی فنکار/ فنکاروں کی معلومات جمع کر کے پروجیکٹ تیار کرتا ہے۔ | 03AE25 |

## اسٹیج (تھیٹر)

| | |
|---|---|
| **نصابی ہدف CG-1** : فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، پیش کش اور اظہار کرنے کی خود اعتمادی کو تجربات کے ذریعے فروغ دینا۔ | |
| **صلاحیت C-1.1** : تھیٹر کے مناظر اور تجربات کے ساتھ ساتھ مختلف اجزا، کرداروں کو جوش وخروش سے پیش کرتا ہے۔ | |
| خاندان اور ماحول میں روزمرہ کی انسانی سرگرمیوں کا مشاہدہ کر کے پیشکش کرتا ہے۔ | 03AE26 |
| ماحول کے جانوروں اور پرندوں کا مشاہدہ کر کے ان کی حرکات کی نقل کر کے پیشکش کرتا ہے۔ | 03AE27 |
| **صلاحیت C-1.2** : تھیٹر فنکاروں میں باہمی ہم آہنگی سے کام کرتے وقت اپنے خیالات پر، تاثرات پر بات چیت کرتا ہے۔ | |
| روزمرہ استعمال کی چیزوں کی آواز کو پہچان کر پیشکش کرتا ہے۔ | 03AE28 |
| **نصابی ہدف CG-2** : فن کی مشق کے لیے اپنی تخیلاتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کا آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| پیشکش کے لیے ضروری وسائل کی گروپ میں بات چیت کر کے فہرست تیار کرتا ہے۔ | 03AE29 |
| پیشکش کے لیے مناظر تیار کرنے۔ میں جماعت کے ساتھیوں کی مدد کرتا ہے۔ | 03AE30 |
| ماحول میں آواز پیدا کرنے والی چیزوں کو ڈھونڈ کر اس کی پیشکش کے لیے تخلیقیت کا استعمال کرتا ہے۔ | 03AE31 |
| **صلاحیت C-2.2** : ڈرامے کے کسی موضوع، جز اور جماعت میں تیار کی گئی متعلقہ فنّی اظہار کی صورتوں کا تقابل اور تضاد واضح کرتا ہے۔ | |
| منتخب کردہ مناظر کو گروپ میں پیش کرتا ہے۔ | 03AE32 |
| پیشکش کے بعد ملنے والی تجاویز پر غور کر کے دوبارہ پیش کرتا ہے۔ | 03AE33 |
| **نصابی ہدف CG-3** : فن کے بنیادی اعمال، مواد اور تکنیک کا اظہار کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1** : تھیٹر کے کام میں استعمال ہونے والا مواد، آلات اور تکنیک کا انتخاب کرتا ہے۔ | |
| تھیٹر کی پیشکش کے لیے مطلوبہ مواد دستیاب نہ ہونے پر متبادل مواد کا استعمال کرتا ہے۔ | 03AE34 |
| پیشکش کے لیے ضروری پوشاک، تجویز کردہ رنگ روپ منتخب کر کے پیشکش کرتا ہے۔ | 03AE35 |
| **صلاحیت C-3.2** : ذاتی اور اجتماعی ڈرامہ تیار کرتے وقت منصوبہ بندی، عمل درآمد اور پیشکش کے مراحل پر عمل کرتا ہے۔ | |
| تھیٹر کے مختلف مناظر یا پیشکش کی مشق کرتا ہے۔ | 03AE36 |
| پیشکش کے دوران معاون تکنیکی امور کا مناسب استعمال کرتا ہے | 03AE37 |
| کلاس روم تھیٹر کے تصور میں انسانی جسم کی حرکات کے ذریعے پردہ تیار کرتا ہے۔ | 03AE38 |
| **نصابی ہدف CG-4** : اپنے اردگرد کی خوبصورتی کو تلاش کرنا اور مختلف مقامی فنون اور ثقافتی رسم ورواج میں دلچسپی پیدا کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-4.1** : فطرت میں موجود ڈرامائی اور حرکاتی عناصر کو پہچانتا ہے اور ان کی فنّی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ | |
| پیشکش میں قدرتی روشنی کا استعمال کرتا ہے۔ | 03AE39 |
| پیشکش میں موسموں کو مدنظر رکھتے ہوئے ملبوسات اختیار کرتا ہے۔ | 03AE40 |
| **صلاحیت C-4.2** : مقامی فنون اور ثقافت کے بارے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | |
| اپنے علاقے میں ہونے والے ثقافتی پروگراموں کا مشاہدہ کر کے گروہ میں گفتگو کرتا ہے۔ | 03AE41 |
| اپنے علاقے کے لوگوں، فنکاروں اور ان کے فن کے بارے میں معلومات حاصل کر کے گفتگو کرتا ہے۔ | 03AE42 |

## موسیقی

| | |
|---|---|
| **نصابی ہدف CG-1** : فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔ | |
| **صلاحیت C-1.1** : مختلف موسیقی سرگرمیوں کے ذریعے اپنے ذاتی اور روزمرہ زندگی کے تجربات کو اعتماد کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ | |
| مانوس موسیقی سن کر گنگناتا ہے۔ | 03AE43 |
| گانے اور ساز بجانے کے لیے دلچسپی سے مشق کرتا ہے اور گاتا ہے۔ | 03AE44 |
| **صلاحیت C-1.2** : موسیقی کے فن میں اجتماعی کام کرتے وقت اپنے خیالات اور ردِعمل پر گفتگو کرتا ہے۔ | |
| اجتماعی سرگرمی انجام دیتے ہوئے اس کے بارے میں گفتگو کر کے اپنی رائے ظاہر کرتا ہے۔ | 03AE45 |
| اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی جانب سے گیت گانے میں تجویز کردہ تبدیلیوں کو سمجھ کر اس کے مطابق ردِّعمل کرتا ہے۔ | 03AE46 |
| **نصابی ہدف CG-2** : فن کی مشق کے لیے اپنی تخیلاتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کا آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-2.1** : گانے اور ساز کے مختلف انداز (انفرادی، جگل بندی، گروہی) موسیقی، نیز موسیقی کے امتزاج میں شامل گیتوں اور تال کی مشق اور پیشکش کا امتزاج کرتا ہے۔ | |
| مانوس گیتوں کی اقسام مثلاً بچوں کے گیت اور تمثیلی گیت سن کر گاتا ہے۔ | 03AE47 |
| گانے کی مختلف اقسام مثلاً انفرادی، دونفری اور گروہی گانے کو سمجھ کر گاتا ہے۔ | 03AE48 |
| انفرادی اور دونفری گانے کی مشق کر کے پیشکش کرتا ہے۔ | 03AE49 |

| | |
|---|---|
| **صلاحیت C-2.2 :** گیت اور اظہار کے ذریعے جماعت میں پیش کیے گئے موسیقی کے مختلف عناصر، جیسے لے، تال اور سُر کے احساس کا تقابل اور تضاد واضح کرتا ہے۔ | |
| 03AE50 | گیتوں کی مختلف اقسام بتاتا اور گاتا ہے۔ |
| 03AE51 | مختلف قسم کے گیت سن کر اُن میں فرق پہچانتا ہے۔ |
| 03AE52 | کلاسیکی موسیقی کی اصطلاحات بیان کرتا ہے، مثلاً موسیقی، آروہ اور اوروہ۔ |
| 03AE53 | سادہ النکاروں کی ساخت اور ترتیب بیان کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-3 :** فن کے بنیادی اعمال، مواد اور تکنیک کی دریافت کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1 :** موسیقی کی پیشکش کرتے وقت آواز، ساز اور موسیقی کے امتزاج سمیت مناسب چیزوں کا انتخاب کرتا ہے۔ | |
| 03AE54 | اپنے ماحول کی مختلف آوازیں سن کر پہچانتا ہے۔ |
| 03AE55 | اپنے ماحول کی مختلف آوازوں اور اُن سے پیدا ہونے والی لے اور تال کو گانے اور ساز بجانے میں استعمال کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-3.2 :** پیشکش اور مشق میں حصہ لینے کے لیے موسیقی کا انتخاب کرتے وقت مختلف تجاویز پیش کرتا ہے۔ | |
| 03AE56 | آواز اور سازوں کی مدد سے مختلف قسم کے گیت گاتے وقت مختلف خیالات کا اظہار کر کے پیشکش کرتا ہے۔ |
| 03AE57 | مختلف گیتوں کی مشق کر کے گاتا ہے۔ |
| 03AE58 | مشق کی بنیاد پر تیار کیے گئے گیتوں کی پیشکش کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-4 :** آس پاس کی خوبصورتی کو تلاش کرنا اور مختلف مقامی فنون اور ثقافتی رسم و رواج میں دلچسپی پیدا کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-4.1 :** فطرت میں موجود موسیقی کے عناصر کو پہچانتا ہے اور ان کی فنی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ | |
| 03AE59 | اپنے ماحول میں سنی گئی آوازوں کو موسیقی کی آوازوں سے مربوط کرتا ہے۔ |
| 03AE60 | اپنے مقامی علاقے کے فنکاروں کے بارے میں معلومات بیان کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-4.2 :** مقامی فنون اور ثقافت کے بارے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | |
| 03AE61 | اپنے علاقے / مقام کی عوامی موسیقی کی اقسام کے بارے میں معلومات حاصل کر کے اُن میں حصہ لیتا ہے۔ |
| **رقص** | |
| **نصابی ہدف CG-1 :** فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔ | |
| **صلاحیت C-1.1 :** واقف رقص کی حرکات کی مشق اور پیشکش جوش و خروش سے کرتا ہے۔ | |
| 03AE62 | واقف رقص کی جسمانی حرکات کو ترتیب وار اور تال کے ساتھ پیش کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-1.2 :** رقص اور حرکات کی اجتماعی پیشکش کے دوران خیالات اور ردِّعمل پر گفتگو کرتا ہے۔ | |
| 03AE63 | رقص اور حرکات کی اجتماعی پیشکش میں تعاون کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-2 :** فن کی مشق کے لیے اپنی تخیلاتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کا آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-2.1 :** روزمرہ سرگرمیوں اور ذاتی تجربات کی بنیاد پر رقص اور حرکات کی ترتیب تیار کر کے پیش کرتا ہے۔ | |
| 03AE64 | روزمرہ زندگی میں کی جانے والی جسمانی حرکات کی ترتیب تیار کر کے پیش کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-2.2 :** جماعت میں پیش کیے ہوئے کسی موضوع، مختلف رقص و حرکات، مختلف اندازِ اظہار، تال اور مُدرا کا تقابل اور تضاد واضح کرتا ہے۔ | |
| 03AE65 | رقص میں لے اور تال کے تصورات واضح کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-3 :** فن کے بنیادی اعمال اور مواد و تکنیک کو دریافت کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1 :** رقص میں استعمال ہونے والے ساز، ملبوسات، حرکات کی ترتیب اور دیگر انتظامات کا انتخاب کرتا ہے | |
| 03AE66 | رقص میں استعمال ہونے والے سازوں کو پہچان کر اُن کے نام بتاتا ہے۔ |
| 03AE67 | مختلف ملبوسات کا مشاہدہ کر کے اُن کے ذریعے رقص کی اقسام پہچانتا ہے۔ |
| 03AE68 | مختلف ملبوسات کا مشاہدہ کر کے اُن کے مطابق کچھ رقصی حرکات کر کے دکھاتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-3.2 :** رقص اور حرکات و سکنات کی ترتیب منتخب کرتے وقت، پیشکش اور مشق میں حصہ لیتے ہوئے اپنے خیالات کا تعاون دیتا ہے۔ | |
| 03AE69 | اپنی سوچ کے مطابق کسی مخصوص بند/ اشعار پر گفتگو کر کے اُس کی بنیاد پر رقص اور حرکات کے ذریعے پیشکش کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-4 :** آس پاس کی خوبصورتی کو محسوس کرنا اور مختلف مقامی فنون اور ثقافتی رسم و رواج میں دلچسپی پیدا کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-4.1 :** فطرت میں موجود رقص اور حرکات و سکنات کے اجزا کو پہچانتا ہے اور اُن کی فنّی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ | |
| 03AE70 | فطرت کے عناصر کی وضاحت کر کے مختلف گیتوں پر رقص اور حرکات انجام دیتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-4.2 :** مقامی فنون اور ثقافت کے بارے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | |
| 03AE71 | مختلف مقامی فنون کی وضاحت کر کے اُن میں شامل رقص کی اقسام کے بارے میں معلومات بیان کرتا ہے۔ |

# فہرست

## بصری فنون


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۱۔ نقش و نگار کا لطف | ۱ |
| ۲۔ حرفوں کی دنیا میں | ۹ |
| ۳۔ میری تصویر، میرا تخیل | ۱۲ |
| ۴۔ چیزوں کی دنیا میں | ۱۶ |
| ۵۔ سہ ابعادی فنی شاہکار | ۱۹ |


## اسٹیج (تھیٹر)


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۶۔ آؤ اداکاری کریں | ۲۲ |
| ۷۔ آؤ ڈرامے کی تیاری کریں | ۲۸ |
| ۸۔ چلو اسٹیج پر | ۳۲ |


## موسیقی


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۹۔ سارے مِل کر گائیں | ۳۹ |
| ۱۰۔ گیت ایک کا، گیت دو کا | ۴۷ |
| ۱۱۔ روایتی سُر | ۵۳ |
| ۱۲۔ سُروں سے دوستی | ۶۰ |


## رقص


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۱۳۔ رقص، میری خوشی | ۶۶ |
| ۱۴۔ رقص سے بھرپور زندگی | ۷۱ |
| ۱۵۔ رقص کے ساتھی | ۷۶ |
| ۱۶۔ فن اور ثقافت | ۸۲ |

# بصری فنون



# ۱۔ نقش و نگار کا لطف

آج ہم اپنے آس پاس کی ایک خوبصورت دنیا کی سیر کرنے والے ہیں! کیا آپ نے کبھی ساری کے کنارے (بارڈر) کو غور سے دیکھا ہے یا قمیص پر بنے چھوٹے چھوٹے چوکون پر دھیان دیا ہے؟ جب ہم گھر سے باہر نکلتے ہیں تو گھر کے دروازے پر لگی ہوئی جھالر ہو یا دروازے کے سامنے بنائی ہوئی رنگولی، ان سب میں یکسانیت نظر آتی ہے۔





جب کوئی لکیر، کوئی شکل یا کوئی رنگ ایک کے بعد ایک، خاص ترتیب سے بار بار دہرایا جاتا ہے تو وہاں ایک خوبصورت 'نقش' (ڈیزائن) بنتا ہے۔ نقش و نگار کا مطلب صرف تصویر نہیں ہے، بلکہ یہ 'لکیروں، شکلوں اور رنگوں کی ایک ترتیب، تکرار یا ایک لے (تال)' ہے۔





ہمارے گھر کے فرش پر، کھڑکی کی لوہے کی جالی میں، یہاں تک کہ ہمارے ذریعے بنائی گئی رنگولی میں بھی کوئی نہ کوئی نقش چھپا ہوتا ہے۔ کبھی وہ سیدھی لکیر میں ہوتا ہے، تو کبھی لہراتی ہوئی لکیر کی شکل میں۔ کبھی وہ گول ہوتا ہے تو کبھی تکون! آج ہم سادہ لکیروں کی مدد سے اسی 'نقش و نگار کا لطف' لیں گے۔ تو آیئے ہم بھی اپنے تخیل سے کاغذ پر نقش و نگار کی دنیا کو سجائیں۔

## نقش: لکیریں اور شکلیں

خوبصورت نقش و نگار کے لیے ہمیں لکیروں اور شکلوں سے دوستی کرنی ہوگی کیونکہ لکیریں اور شکلیں ہی نقش و نگار کی بنیاد ہوتی ہیں۔

**لکیروں کی پہچان:** عمودی لکیر، افقی لکیر، ترچھی لکیر، شکستہ لکیر، خمدار لکیر، لہراتی لکیر وغیرہ۔




- روزمرہ کی زندگی سے نقش و نگار کے مختلف نمونے دکھا کر دیگر مثالیں پوچھیں۔
نقش و نگار میں استعمال ہونے والی مختلف شکلوں کے بارے میں گفتگو کریں۔

CG – 4
C –4.1
LO– 03AE21

ہم اپنے آس پاس جو مختلف شکلیں دیکھتے ہیں، ان میں کچھ ہندسی شکلیں اور کچھ فطری شکلیں نظر آتی ہیں۔

**ہندسیہ شکلیں :** مثلث، مربع، مستطیل، دائرہ، نصف دائرہ۔




**قدرتی شکلیں:** پتے، پھول، پرندے، جانور، چاند اور تارے۔



### آؤ لکیروں اور شکلوں کی مشق کریں۔

کاغذ پر مختلف قسم کی لکیریں کھینچو۔ اس کے بعد آزادانہ طور پر (فری ہینڈ) گول شکلیں اور مختلف ہندسیہ اور قدرتی شکلیں تیار کرنے کی مشق کرو۔

### آؤ لکیروں کے ذریعے نقش و نگار بنائیں۔

نیچے دیے ہوئے چوکون میں صرف کھڑی اور لہراتی لکیریں بار بار بناؤ۔ دیکھو، ایک سادہ لیکن دل کش نقش تیار ہو جائے گا۔ اس کے بعد اپنی بیاض میں صرف مختلف لکیروں کا استعمال کر کے نقش (ڈیزائن) بناؤ۔

### آؤ شکلوں کے ذریعے نقش و نگار بنائیں۔

نیچے دیے ہوئے خانے میں صرف ہندسیہ شکلوں جیسے مربع، دائرہ اور مثلث کا استعمال کرو۔ اپنی پسند کی ترتیب کے مطابق ان شکلوں کو سجا کر ایک دل کش نقش (ڈیزائن) بناؤ۔

CG – 2
C –2.1
LO7/12/21

- مختلف شکلوں کی پہچان کرائیں۔
- شروع میں صرف لکیروں اور بعد میں صرف شکلوں کی مدد سے نقش (ڈیزائن) تیار کرائیں۔
- لکیروں اور شکلوں کے ذریعے نقش و نگار بنانے کا موقع دیں۔

## آؤ لکیروں اور شکلوں کی مدد سے خوبصورت نقش (ڈیزائن) بنائیں۔

نیچے دیے ہوئے چوکون میں اب تک سیکھی ہوئی مختلف لکیروں میں سے اپنی پسند کی لکیریں کھینچو اور قدرتی شکلوں کی مدد سے ایک خوبصورت نقش (ڈیزائن) تیار کرو۔

## گہرے اور ہلکے رنگوں کی پہچان

آپ کو مختلف رنگ اور ان کے نام تو معلوم ہی ہیں۔ آؤ، اب ہم گہرے اور ہلکے رنگوں کی پہچان کرتے ہیں۔
اب ان رنگوں کا مشاہدہ کرو اور بتاؤ کہ کون سے رنگ تمھاری آنکھوں کو ہلکے لگتے ہیں اور کون سے گہرے محسوس ہوتے ہیں؟



**گہرے رنگ:** نیلا، گہرا ہرا، جامنی اور کالا رنگ گہرے رنگوں کے زمرے میں آتے ہیں۔

**ہلکے رنگ:** پیلا، نارنجی اور لال رنگ دیکھنے میں ہلکے اور چمکدار/ روشن نظر آتے ہیں۔

**یاد رکھو :** نقش (ڈیزائن) میں رنگ بھرنے سے اس میں جان آ جاتی ہے۔ اگر نقش میں ایک گہرا اور ایک ہلکا رنگ باری باری بھرا جائے تو نقش بہت دل کش اور نمایاں نظر آتا ہے۔

## آؤ خاکہ نگاری اور رنگ آمیزی کریں۔

اب نیچے چوکون دیے ہوئے ہیں۔ ان چوکونوں میں اپنی پسند سے لکیروں اور شکلوں کا استعمال کرکے خوبصورت نقش (ڈیزائن) بناؤ۔ اب پہلے چوکون کے نقش (ڈیزائن) میں ہلکے رنگ بھرو اور دوسرے چوکون کے نقش (ڈیزائن) میں گہرے رنگ بھرو۔

### نقش (ڈیزائن) بنا کر اس میں ہلکے رنگ بھرو۔

CG –2
C –2.2
LO– 03AE12/13

- گہرے اور ہلکے رنگوں کے شیڈز سے واقف کرائیں۔
- گہرے اور ہلکے رنگوں میں نقش (ڈیزائن) رنگنے کے لیے کہیں۔

نقش (ڈیزائن) بنا کر اس میں گہرے رنگ بھرو۔

نقش (ڈیزائن) بنا کر اس میں گہرے اور ہلکے دونوں طرح کے رنگ بھرو۔

## چھاپے کے کام سے نقش و نگار بنانا

اب تک ہم نے لکیروں، شکلوں اور رنگوں کی مدد سے خوبصورت نقش (ڈیزائن) بنایا اور ان میں رنگ بھرا ہے۔ اب ذرا نیچے دیے ہوئے نقش و نگار کو دیکھو۔ تمھیں اس میں کیا فرق نظر آتا ہے؟ اس پر بات چیت کرو۔

ہم خود بھی الگ الگ چیزوں کے چھاپے لے کر خوبصورت نقش (ڈیزائن) بنا سکتے ہیں۔





تو آؤ، اب ہم مختلف قسم کے چھاپے اور چھاپ لگانے کا طریقہ سمجھتے ہیں۔

چھاپے کا کام نقش و نگاری کی ایک بہت آسان تکنیک ہے۔

ہم اپنے آس پاس موجود کسی بھی چیز کے چھاپے لے سکتے ہیں۔ لیکن اس کا نقش کاغذ پر اچھی طرح اُبھر کر آنا چاہیے۔

مثال کے طور پر: بھنڈی، پیاز، قلم کا ڈھکن، پتے، ہاتھ کی انگلیاں، موڑا ہوا کاغذ وغیرہ۔

جس چیز کا چھاپ لینا ہو اس کی سطح کو رنگ کی طشتری میں ڈبو کر اسے کاغذ پر ہلکے سے دباؤ تاکہ اس کی شکل کاغذ پر اُبھر آئے۔ نیچے کچھ چیزوں کے چھاپے دیے ہوئے ہیں۔ انھیں دیکھ کر پہچاننے کی کوشش کرو کہ یہ کون سی چیزوں کے چھاپے ہیں اور ان کے نام لکھو۔

CG – 2
C – 2.2
LO–03AE13,/16

- بچوں کو چھاپے کے کام سے تیار کردہ نقشوں کے نمونے دکھائیں اور وہ چھاپے کون سی چیزوں کے ہیں، یہ پہچاننے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے چھاپے کے کام کے ذریعے نقش (ڈیزائن) تیار کرائیں۔

## چھاپے پہچانو اور لکھو۔







--------------



--------------

--------------

--------------

## آؤ چھاپے کے کام سے نقش (ڈیزائن) بنائیں۔

بھنڈی کو کاٹو اور رنگ میں ڈبو کر اپنی ڈرائنگ بیاض میں ایک سیدھی لکیر میں اس کے چھاپے لگاؤ۔ پھر دو چھاپوں کے درمیان اپنی انگلی کا چھاپا لگا کر ایک نیا نقش (ڈیزائن) تیار کرو۔

بہت خوب!

اب اپنی بیاض میں اس طرح کے خانے بناؤ اور الگ الگ چیزوں کے چھاپے لے کر خوبصورت نقش (ڈیزائن) بنانے کی مشق کرو۔ ان میں سے جو نقش (ڈیزائن) آپ کو سب سے زیادہ پسند آئے، وہ اپنے استاد کو دکھاؤ۔

## بافتی بناوٹ بنانا اور نقش و نگار کرنا

کسی چیز کی سطح ہاتھ لگانے پر کیسی محسوس ہوتی ہے (کھردری یا ملائم)، اسے بافتی بناوٹ کہتے ہیں۔ ایسی کھردری سطحوں کی مدد سے کاغذ پر بافتی بناوٹ تیار کی جا سکتی ہے۔ بافتی بناوٹ کے لیے نیچے دیے ہوئے مراحل کے مطابق عمل کرو۔

- کوئی بھی کھردری سطح والی چیز منتخب کرو جیسے سکہ، ٹاٹ کا بورا، کنگھی، پٹ سن کی تھیلی، کھردری سطح والا شیشہ، درخت کے پتوں کی رگوں والا حصہ، درخت کا تنا وغیرہ۔
- جس چیز کی بافتی بناوٹ کاغذ پر لینا ہو، اسے کاغذ کے نیچے رکھو۔ اب اوپر سے پنسل کو ہلکے ہاتھ سے رگڑو۔ دیکھو، کاغذ پر ایک بہترین بافتی بناوٹ اُبھر آئے گی۔

CG – 3
C –3.1
LO– 03AE13, 16

- بچوں کو مختلف چیزوں کے چھاپے لے کر نقش (ڈیزائن) بنانے کا موقع دیں اور اس کی مشق کرائیں۔

- تیار شدہ بافتی بناوٹوں کو مختلف شکلوں میں کاٹ لو۔ مثلاً: مثلث، مربع، گول، نصف دائرہ، دائرہ وغیرہ۔
- ان مختلف قسموں اور رنگوں کی بافتی بناوٹ سے کٹی ہوئی شکلوں کو کاغذ پر چپکا کر ایک خوبصورت، نقش و نگار والی رنگولی تیار کرو۔
- بافتی بناوٹ کے لیے رنگین پنسل اور روغنی کھریا کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔



## کولاج تکنیک کے ذریعے نقش و نگار بنانا

اب نقش (ڈیزائن) کا اگلا نمونہ دیکھو۔ کیا تمھیں اس میں کوئی انوکھا پن یا فرق محسوس ہو رہا ہے؟ اس کے بارے میں اپنی جماعت میں بنے گروہ میں بات چیت کرو۔



ساتھ میں دی ہوئی تصویر کو نہ تو رنگوں سے رنگ کیا گیا ہے اور نہ ہی اسے چھاپے لگا کر تیار کیا گیا ہے بلکہ اسے کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے چسپاں کر کے بنایا گیا ہے۔ اسی کو 'کولاج' تصویر کہتے ہیں۔

کولاج کا مطلب ہے مختلف قسم کے کاغذ، کپڑے یا دیگر چیزوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو ایک ساتھ جوڑ کر یا چپکا کر بنائی ہوئی فنی تخلیق۔ تصویروں میں کولاج تکنیک کا استعمال کرنے سے ایک خوبصورت تصویر تیار ہوتی ہے۔

- آس پاس موجود مختلف سطحوں سے بافتی بناوٹ تیار کرنے کا عملی مظاہرہ دکھایا جائے اور بچوں کو مختلف بافتی بناوٹ بنانے کا موقع دیں۔
- مختلف بافتی بناوٹ کے استعمال سے تصویر یا نقش (ڈیزائن) بنانے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

CG – 3
C –3.1, 3.2
LO– 03AE14, 18

## آؤ کاغذ کام سے نقش (ڈیزائن) تیار کریں۔

اس کے لیے پرانے اخبارات، رنگین رسالوں کے ٹکڑے، قینچی، گوند اور سفید کاغذ لو۔

اب نیچے دیے ہوئے مراحل کے مطابق عمل کرو۔

۱۔ رنگین کاغذات سے چھوٹے چھوٹے مثلث، دائرے اور مربع شکلیں کاٹ لو۔

۲۔ سفید کاغذ پر پنسل سے ۵ سینٹی میٹر چوڑائی کی ایک لمبی پٹی تیار کرو۔

۳۔ اس پٹی کے اندر پہلے سے کٹی ہوئی رنگین شکلوں کو ایک خاص ترتیب سے چپکاؤ۔ (مثلاً: ایک مثلث، ایک دائرہ)

۴۔ دو شکلوں کے درمیان خالی جگہ چھوڑ کر وہاں رنگین کاغذ کی باریک پٹیاں چپکاؤ۔

۵۔ دیکھو، تمھارا 'کاغذ کام کا کولاج نقش' تیار ہے۔

تیار شدہ نقش (ڈیزائن) اپنے استاد کو دکھاؤ۔

مشق کے لیے مزید الگ الگ رنگوں کے کاغذ کے ٹکڑوں سے نقش (ڈیزائن) بناؤ۔

## کاغذ سے جالی دار نقش (ڈیزائن)

اب تک ہم نے کاغذ پر نقش و نگار بنائے، لیکن کیا تم جانتے ہو کہ خود کاغذ سے بھی خوبصورت جالی دار نقش (ڈیزائن) بنائے جا سکتے ہیں!

اس کے لیے ہمیں چاہیے...

- رنگین یا سفید چوکون کاغذ
- چھوٹی قینچی (کند نوک والی جو بچوں کے لیے محفوظ ہو)
- پنسل





### آؤ، اب ایک ایک مرحلے پر عمل کرتے ہوئے یہ نقش بنائیں

**مرحلہ ۱:** کاغذ کی تہہ بنانا

- سب سے پہلے ایک گہرے رنگ کا چوکون چمکدار گوٹی کاغذ لو۔
- اس کاغذ کو بیچ سے بالکل برابر موڑ کر مستطیل شکل بناؤ۔

**مرحلہ ۲:** نقش خاکہ بنانا

- اب کاغذ کے بند حصے اور کھلے حصے پر پنسل سے چھوٹی بڑی سائز کے خاکے بناؤ۔
- مثلاً: چھوٹا مثلث، نصف دائرہ یا دائرہ یا کوئی بھی پسندیدہ شکل۔

CG – 2
C –2.2
LO– 03AE 12

- کولاج تکنیک کے نمونے دکھا کر کولاج کا تصور واضح کریں۔
- مختلف رنگین کاغذ، رسالے اور اخبارات کے رنگین حصوں کا استعمال کر کے نقش (ڈیزائن) بنانے کے لیے کہیں۔

- اس بات کا خیال رکھیں کہ کاغذ کا درمیانی بند حصہ پوری طرح نہ کٹنے پائے ورنہ کاغذ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے اور نقش (ڈیزائن) بکھر جائے گا۔

**مرحلہ ۳ :** قینچی سے کاٹنا

- پنسل سے بنائے ہوئے نشانات کے اوپر سے قینچی کی مدد سے کاغذ کو احتیاط کے ساتھ کاٹ لو۔
- کٹے ہوئے چھوٹے ٹکڑوں کو الگ کر کے ہٹا دو۔

**مرحلہ ۴ :** نقش (ڈیزائن) کو کھولنا

- اب آہستہ سے کاغذ کی تمام تہوں کو کھولو۔
- آپ کو کاغذ پر ایک خوبصورت، یکساں اور دائرہ نما جالی دار نقش (ڈیزائن) نظر آئے گا۔

**مرحلہ ۵ :** نقش (ڈیزائن) کے کاغذ کو چسپاں کرنا

- تیار شدہ جالی دار نقش (ڈیزائن) کے کاغذ کو اپنی بیاض میں چپکاؤ۔
- ابھی ہم نے کاغذ کی چوکون تہہ بنا کر نقش (ڈیزائن) تیار کیا لیکن تم کاغذ کو الگ الگ طریقوں سے موڑ کر بھی خوبصورت نقش تیار کر سکتے ہو۔ انھیں بناؤ اور رنگین کاغذ پر چپکاؤ۔







## میرا عمل

۱) پانچ الگ الگ قسم کی لکیروں کا استعمال کر کے اپنی بیاض کے صفحے پر ایک خوبصورت حاشیہ تیار کرو۔
۲) مختلف چھاپوں کی مدد سے ایک خوبصورت تہنیتی کارڈ بناؤ۔
۳) ایک مثلث شکل بنا کر اس کے اندر ایک نقش (ڈیزائن) تیار کرو۔ اس نقش (ڈیزائن) میں صرف ہلکے رنگوں کا استعمال کر کے رنگ بھرو۔
۴) پرانے اخبارات میں سے صرف اشتہارات والے رنگین حصے منتخب کرو۔ اپنے ہاتھ سے ان کے چھوٹے چھوٹے گول ٹکڑے کرو۔ ان ٹکڑوں کو ایک سیدھی لکیر میں چسپاں کر کے رنگ برنگی 'منکوں کی مالا' تیار کرو۔
۵) ایک کاغذ پر پانچ مثلث اور پانچ دائرے کاٹو۔ ان شکلوں کا استعمال کر کے کئی طرح کے الگ الگ نقش (ڈیزائن) بنائے جاسکتے ہیں، انھیں بناؤ اور اپنی بیاض میں چپکاؤ۔

CG – 2,3,4
C –2.1, 2.2, 3.1, 3.2, 4.1
LO–03AE12/13/16/21/23/14/18

- بچوں کے تیار کردہ نقش (ڈیزائن) اور فن پاروں کی جماعت میں نمائش لگائی جائے۔

# ۲۔ حرفوں کی دنیا میں

آگے دیے ہوئے خوش خطی کے خوبصورت نمونے دیکھو۔ یہ خوش نما، خوبصورت اور دلکش حروف کتنے عمدہ دکھائی دیتے ہیں نا! آؤ ہمارا خط بھی ایسا خوش نما، دل کش اور خوبصورت کرنے کے لیے خطاطی کی مشق کرتے ہیں۔

کوئی دنیا میں پیارا مدرسہ ہے
تو وہ بے شک ہمارا مدرسہ ہے

ہاتھ سے جو لکھتے ہیں، اس میں ہے ایک پیار کا رنگ
پیاری پیاری لکھائی سے خوشیاں ہوتی ہیں سنگ

جس میں ہو اُلفت اور احترام
اُردو ہے اس زباں کا نام

## آؤ خوش خطی کی مشق کریں۔



خوش خطی کے لیے حروف کے اجزا کی مشق کرنا ضروری ہے۔ کچھ حروف کے اجزا بنا کر دکھائے ہوئے ہیں۔ یہ حروف کے اجزا کس ترتیب سے اور کیسے بنانے چاہئیں، یہ دکھایا گیا ہے۔ اس کے مطابق حروف کے اجزا کی مشق کرو۔

بہت خوب! اب ان حروف کے اجزا کی مزید مشق اپنی دو لکیر والی بیاض میں کرو اور اپنے استاد کو دکھاؤ۔

- مختلف حروف کے اجزا اور ان کی نشست شوشے، بنانے کا عملی مظاہرہ دکھایا جائے۔
- حروف کے اجزا بناتے وقت بچے صحیح سمت میں لکھتے ہیں، اس بات کا اطمینان کریں۔
- بیاض میں حروف کے اجزا کی مشق کرنے کے لیے کہیں۔

CG-1
C-1.2
LO-03AE5

## حرفوں کے اجزا سے مکمل حرفوں کی طرف

ہم حرفوں کے اجزا سیکھ چکے ہیں اور ان کی مشق بھی کی ہے۔ اب آؤ سیکھتے ہیں کہ ان اجزا کو ملا کر مکمل حرف کس طرح بنتا ہے اور اس کی مشق کرتے ہیں۔

حرفوں کو لکھنے کی مزید مشق اپنی دو لکیر والی بیاض میں کرو اور اپنے استاد کو دکھاؤ۔

### نمونے کے طور پر کچھ حروف

آ ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م ن

و ہ ء ی ے

## حرفوں سے الفاظ کی طرف

ہم حرف بنانا سیکھ چکے ہیں، تو آؤ اب ان حرفوں کو ملا کر خوش خط لفظ لکھتے ہیں۔

پاکیزہ بال بھارتی جمعرات عقد خوانی

اسی طرح تم کوئی بھی بیس الفاظ خوش خط لکھو۔

- حروف کے اجزا کو ملا کر مکمل حرف لکھنے کا طریقہ عملی طور پر دکھایا جائے۔
- حروف کی مدد سے لکھنے کی مشق کرائیں۔
- مختلف الفاظ اور جملے بیاض میں خوش خط لکھنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

CG – 1
C –1.2
LO– 03AE5

## خوش خطی میں تہنیتی کارڈ

نیچے کچھ دعوت نامے اور تہنیتی کارڈ کے نمونے دیے ہوئے ہیں، ان کا مشاہدہ کرو۔ تم بھی مختلف قسم کے دعوت ناموں کو جمع کرو۔ اس مجموعے میں لکھے ہوئے حروف کی خوبصورت بناوٹ کو دیکھو۔ اپنی پسند کے مطابق ایک تہنیتی کارڈ تیار کرو اور اس پر خوش خط لکھ کر اپنے استاد کو دکھاؤ۔










## مختلف ذرائع سے حرف لکھنا

حروف لکھنے یا خطاطی کرنے کے لیے پنسل، سیاہی والا پین (روشنائی پین)، بال پین، اسکیچ پین اور روغنی کھریا جیسے مختلف ذرائع کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| پنسل | - | خوب صورت خط اصل خزانہ ہے۔ |
| سیاہی والا پین | - | خوب صورت خط اصل خزانہ ہے۔ |
| بال پین | - | خوب صورت خط اصل خزانہ ہے۔ |
| اسکیچ پین | - | خوب صورت خط اصل خزانہ ہے۔ |
| روغنی کھریا | - | خوب صورت خط اصل خزانہ ہے۔ |

## میرا عمل

۱۔ اخبارات اور کتابوں سے اچھے اقوال جمع کرو اور ان اقوال کو اپنی بیاض میں خوش خط لکھو۔

۲۔ لکھنے کے مختلف ذرائع کی مدد سے خود کا نام بیاض میں لکھو۔

مثلاً: پنسل، سیاہی والا پین، بال پین، اسکیچ پین، روغنی کھریا۔

- بچوں کو دعوت ناموں اور تہنیتی کارڈز کے نمونے دکھائیں۔
- انھیں دعوت ناموں اور تہنیتی کارڈز جمع کرنے کے لیے کہیں۔
- تہنیتی کارڈز میں الگ الگ قسم کے حروف کے گھماؤ اور بناوٹ کا استعمال کرنے کے لیے کہیں۔
- مختلف ذرائع سے لکھنے کا عملی نمونہ کرکے دکھائیں۔

CG - 1
C - 1.2
LO- 03AE5,6

# ۳۔ میری تصویر، میرا تخیل

کل کیا ہوا، اسے ہم آج یاد کر کے بتا سکتے ہیں۔

اسی طرح ہم اپنے دیکھے ہوئے واقعے، چیز اور تجربے کو بیان کر سکتے ہیں اور اس واقعے کو ذہن میں لا کر اس کی تصویر بھی بنا سکتے ہیں۔ اس طرح یادداشت کی بنیاد پر بنائی ہوئی تصویر کو 'یادداشت پر مبنی تصویر' کہا جاتا ہے۔ یادداشت تصویر کا مطلب ہے ذہن میں یاد کر کے بنائی ہوئی تصویر۔

یادداشت تصویر بنانے کے لیے تمھیں لکیروں اور شکلوں سے دوستی کرنی ہوگی، جس کی مشق تم نے نقش (ڈیزائن) بناتے وقت کی ہی ہے۔ آؤ، تھوڑی اور مشق کرتے ہیں اور ایک خوبصورت یادداشت تصویر بناتے ہیں۔

**ہوا میں خاکہ نگاری** – اپنے پسندیدہ پھول یا پھل کی شکل ہوا میں انگلی کی مدد سے بنا کر دیکھو۔ اب اسی شکل کو کاغذ پر پنسل سے بناؤ۔

**آزاد لکیریں**– کاغذ پر بنا رکے مسلسل گول، لہر دار اور ترچھی لکیریں کھینچو۔ دیکھو کہ کیا ان لکیروں میں تمھیں کوئی چہرہ یا پہاڑ جیسی شکل نظر آتی ہے۔

**انسانوں کی تصویریں** – انسانوں کی حرکات وسکنات (بیٹھنا / چلنا / دوڑنا / ناچنا) دکھانے کے لیے سادہ لکیروں کی مدد سے بنائی ہوئی ان لکیری تصویر کو دیکھو اور اس طرح کی کچھ انسانی شکلیں بنانے کی مشق کرو۔



## قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی چیزوں کے سادہ خاکے

ہمیں اپنے آس پاس طرح طرح کی چیزیں اور عناصر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ان میں سے کچھ عناصر (اجزا) قدرتی ہوتے ہیں تو کچھ انسان کے بنائے ہوئے ہوتے ہیں۔

**قدرتی عناصر**– مثال کے طور پر: درخت، پتے، پھول، پرندے، جانور، پہاڑ، ندی وغیرہ۔

**انسان کے بنائے ہوئے عناصر**– مثال کے طور پر: گھر، گاڑی، کتاب، کمپیوٹر، بلّا، گلاس وغیرہ۔

اس کے علاوہ، اپنے دیکھے ہوئے پانچ قدرتی عناصر اور پانچ انسان کی بنائی ہوئی چیزوں کی ایک فہرست تیار کرو۔

CG – 1, 2
C –1.2, 2.1
LO– 03AE2,7,15

- بچوں کے تجرباتی ماحول کی چیزوں اور پھلوں کے نام لے کر انھیں ہوا میں ان کی شکلیں بنانے کی ترغیب دیں۔
- لکیری تصویر بنانے کے لیے مختلف سرگرمیوں کے نام بتائیں اور بچوں کو مشق کرنے کا موقع دیں۔

| انسان کے بنائے ہوئے عناصر | قدرتی عناصر |
| --- | --- |
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | |

اپنی پسند کے مطابق اوپر دی ہوئی فہرست میں سے تمھارے دیکھے ہوئے کسی ایک قدرتی عنصر اور انسان کی بنائی ہوئی کسی ایک چیز کی تصویر اپنی بیاض میں پنسل سے بناؤ۔

تصویر بنانے سے پہلے اس چیز یا عنصر کی تمام باریکیوں کو ذہن میں لاؤ۔ اس کی شکل، بناوٹ، رنگ اور چھونے پر وہ کیسی محسوس ہوتی ہے، اسے یاد کرنے کی کوشش کرو۔ اس کے بعد ہی اس عنصر کی اصل شکل اور اس کی باریک تفصیلات کا خاکہ کھینچو۔

اب اپنی بنائی ہوئی قدرتی عناصر یا چیزوں کی تصویریں اپنے استاد اور ہم جماعت ساتھیوں کو دکھاؤ۔

## واقعے پر مبنی یادداشت تصویر (منظر کشی)

آؤ اب تمھاری یادوں میں سے کسی ایک واقعے کی تصویر بناتے ہیں۔ تمھیں اپنی اسکول کا پہلا دن تو یاد ہی ہوگا۔

تو آؤ ہم 'اسکول کا پہلا دن' موضوع کی منظر کشی کرتے ہیں۔

۱۔ **آؤ یاد کرتے ہیں** – اسکول کا پہلا دن کیسا تھا؟ تم اسکول کیسے آئے تھے؟ کیا اسکول کی عمارت اور جماعت یاد آ رہی ہے؟ اسکول میں تمھارا استقبال کس طرح کیا گیا تھا؟ کیا تمھیں اسکول پہنچانے کوئی آیا تھا؟ اسکول کا احاطہ کیسا تھا؟ اسکول آتے وقت تم کیسا محسوس کر رہے تھے؟ ان میں سے جو باتیں تمھیں بالکل صاف صاف یاد آ رہی ہیں، انھیں طے کرو۔ وہ چیز کس ہندسیہ شکل جیسی دکھائی دیتی ہے، یہ سوچ کر اس کا خاکہ بناؤ۔

۲۔ **مرکزی شکل کی بناوٹ** – تصویر کے بالکل درمیان میں اپنی یا اپنے کسی دوست کی شکل بناؤ۔ مرکزی شکل کی بناوٹ، تصویر کے اہم عناصر اور ان عناصر کی دھندلی یا موٹی موٹی لکیریں پنسل سے ہلکی کھینچو۔

۳۔ **تفصیلات** – تصویر کے تمام عناصر کی بناوٹ طے ہو جانے کے بعد یادداشت کے مطابق باریک تفصیلات کا خاکہ بناؤ؛ جیسے اسکول کی دیوار، اسکول کے صدر دروازے پر بندھی ہوئی جھالر، استقبالیہ بورڈ وغیرہ۔

۴۔ **رنگ کام** – یادداشت تصویر کا خاکہ مکمل ہو جانے کے بعد اس میں رنگ بھرو۔ یادداشت تصویر میں ہم نے جو کچھ دیکھا ہے، بالکل ویسا ہی دکھانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اپنے پسندیدہ رنگوں کے ذریعے اس تصویر میں رنگ بھر کر مکمل کرو۔

CG - 1
C -1.1
LO03AE02

- بچوں کو قدرتی یا انسان کے بنائے ہوئے عناصر کا ذکر کرتے وقت ان کی بصری تفصیلات بتانے کی ترغیب دیں۔
- تفصیل کے مطابق تصویر میں باریکیاں دکھانے کے لیے بچوں کو حوصلہ افزائی کریں۔

نیچے دی ہوئی دونوں تصویروں کو دیکھو اور ان کے درمیان فرق کو سمجھو۔

ان میں سے ایک 'یادداشت تصویر' ہے اور دوسری 'تخیلی تصویر' ہے۔ **یادداشت تصویر** میں ہم نے جو منظر، چیز یا جز دیکھا ہے، بالکل ویسا ہی بنانے اور رنگنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

**تخیلاتی تصویر**، یادداشت تصویر سے بالکل مختلف ہوتی ہے۔ اس تصویر میں نئی، اچھوتی اور حقیقت سے الگ چیزیں دکھائی جاتی ہیں۔ اس تصویر کے ذریعے ہم اپنے ذہن میں آنے والے انوکھے خیالات کو پیش کر سکتے ہیں۔ ہمارے ذہن میں آنے والے ایسے ہی جادوئی اور دلچسپ خیالات کو جب تصویر کی شکل دی جاتی ہے، تو اسے تخیلی تصویر کہا جاتا ہے۔





------------------------------------ ------------------------------------

اوپر دی ہوئی دونوں تصویروں میں سے کون سی یادداشت تصویر ہے اور کون سی تخیلاتی تصویر، اسے پہچانو اور تصویر کے نیچے اس کا نام لکھو۔

## آؤ تخیل کی مدد سے ایک انوکھی تخیلاتی تصویر بنائیں۔

جو چیزیں حقیقت میں نہیں ہوتیں لیکن ہم ان کے بارے میں سوچ سکتے ہیں، ایسے تصورات پر مبنی تصویر کو تخیلاتی تصویر کہتے ہیں۔ جیسے پرندوں کے پر ہوتے ہیں، ویسے ہمارے پر نہیں ہوتے۔ لیکن فرض کرو کہ اگر تمھارے پر ہوتے تو؟

تو آؤ، ہم 'اگر میرے پر ہوتے تو...' اس موضوع پر ایک تخیلاتی تصویر بناتے ہیں۔

## نیچے دیے ہوئے مراحل کے مطابق تصویر بناؤ۔

ا۔ **تصور کرو۔ اگر میرے پر ہوتے تو** میں اپنی روزمرہ زندگی میں کیا کیا کرتا؟ اسکول کیسے آتا؟ کیا پرندوں کی طرح درختوں اور پہاڑوں کے اوپر اڑتا پھرتا؟ کیا چاند پر چلا جاتا؟ پروں کی مدد سے اُڑ کر اور کیا کیا کرتا؟ تمھارے پر کس رنگ کے ہوتے، اس کا تصور کرو۔ ان سوچے ہوئے مناظر میں سے اپنا سب سے پسندیدہ تصور طے کرو۔

CG – 1
C –1.1
LO– 03AE03

- بچوں کو انسانی شکل بناتے وقت پہلے لکیری تصویر بنانے اور پھر اسے مکمل شکل دینے کی مشق کرائیں۔
- یادداشت تصویر اور تخیلاتی تصویر کے درمیان فرق کو واضح کریں۔

۲۔ **مرکزی شکل**۔ تصویر کے درمیانی حصے میں اپنے تصور کے مطابق ابھرنے والی شکل کا پنسل سے ہلکا سا خاکہ بناؤ۔
تفصیلات – اپنے تصور کے مطابق پس منظر کی دیگر چیزوں کی تفصیلات باریکی سے تصویر میں بناؤ۔ مثال کے طور پر:
پہاڑ، بادل، چاند، قوس قزح (دھنک) وغیرہ جیسے مناظر اپنے تصور کے مطابق بناؤ۔
۳۔ **تصور میں کچھ بھی ممکن ہے!** درختوں پر پھولوں کی بجائے چاکلیٹ لٹکی ہوئی دکھاؤ یا بادلوں سے پانی کی بجائے رنگ برنگی گولیاں برستی ہوئی دکھاؤ۔ تم اس طرح کا کچھ بھی انوکھا تصور کر سکتے ہو۔
۴۔ **رنگ کام:** اپنے تخیلاتی خاکے کو رنگنے کے لیے تم اپنی پسند کا کوئی بھی انوکھا رنگ استعمال کر سکتے ہو۔
اپنی تخیلاتی تصویر کو جماعت کے دوستوں اور استاد کو دکھاؤ اور اپنی تصویر میں چھپے انوکھے تصور کے بارے میں بات چیت کرو۔

**یاد رکھو**
تخیلاتی تصویر میں رنگوں کی کوئی پابندی نہیں ہوتی۔ تم اپنی ایک الگ دنیا بنا سکتے ہو۔ مثال کے طور پر: تم جامنی رنگ کی گھاس یا گلابی رنگ کا آسمان بنا سکتے ہو۔

## میرا عمل

۱۔ اپنے پسندیدہ جانور کی تصویر بناؤ۔
۲۔ کسی بھی ایک تہوار کا منظر بناؤ۔
۳۔ 'آسمان میں اُڑتی ہوئی میری گاڑی' موضوع پر تخیلاتی تصویر بناؤ۔
۴۔ 'میرے خوابوں کی پری' موضوع پر تخیلاتی تصویر بناؤ۔

CG – 1
C –1.1
LO– 03AE03,4

• بچوں کی قوتِ تخیل کو جلا بخشنے والے سوالات پوچھ کر انھیں تخیلاتی تصویر بنانے اور اس میں رنگ بھرنے کی ترغیب دیں۔

# ۴۔ چیزوں کی دنیا میں

روزمرہ زندگی میں ہم بہت سی چیزوں کا استعمال کرتے ہیں۔ گھر، اسکول اور آس پاس کے ماحول میں ہمیں کئی چھوٹی بڑی چیزیں نظر آتی ہیں۔ ان چیزوں کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں ان کی خصوصیات کا احساس ہوتا ہے؛ جیسے ان کی شکل، موٹائی، لمبائی، چوڑائی، رنگ اور ان کی بافتی بناوٹ وغیرہ۔

چیزوں کی تصویر بنانے کے لیے سب سے پہلے ان چیزوں کا مشاہدہ کرنا اور ان کی خصوصیات کو سمجھنا ضروری ہوتا ہے۔ آؤ، اشیا کا مشاہدہ کر کے ان کی خصوصیات کو سمجھتے ہیں۔ جیسے چیزوں کی شکل، ان میں چھپی ہوئی ہندسیہ شکلیں، ان کے لیے ضروری لکیریں، ان کا رنگ اور ان کی بافتی بناوٹ وغیرہ۔

## شکل/ جسامت اور چیزیں

اپنے آس پاس کی چیزوں کا مشاہدہ کرو اور نیچے دی ہوئی ہندسیہ شکلوں کے مطابق ان کے گروہ بنا کر چیزوں کے نام لکھو۔

| چوکون شکل کی چیزیں | تکون شکل کی چیزیں | گول شکل کی چیزیں | کئی ہندسیہ شکلوں والی چیزیں |
|---|---|---|---|
| ................ | ................ | ................ | ................ |
| ................ | ................ | ................ | ................ |
| ................ | ................ | ................ | ................ |
| ................ | ................ | ................ | ................ |

آؤ چیزوں میں چھپی ہوئی ہندسیہ شکلیں تلاش کریں۔

تصویر میں دی ہوئی چیزوں کا مشاہدہ کرو۔ ان میں چھپی ہوئی ہندسیہ شکل کو تلاش کر کے پاس ہی دیے ہوئے خالی چوکون میں بناؤ۔





تم نے چیزوں کا مشاہدہ کر کے ان میں چھپی ہندسیہ شکلیں تلاش کرنا سیکھ لیا ہے۔ اب تم کسی بھی چیز کی تصویر بہت آسانی سے بنا سکتے ہو۔

- بچوں سے چیزوں اور ان میں چھپی ہندسیہ شکلوں کو پہچاننے کے لیے سوالات پوچھیں۔

CG - 1
C -1.1
LO- 03AE01

## آؤ چیزوں کی تصویریں بنائیں

ساتھ رکھی ہوئی دو چیزوں کی تصویر نیچے دیے گئے مراحل کے مطابق بناتے ہیں:

۱۔ سب سے پہلے چیزوں کا مشاہدہ کرو۔

۲۔ شروع میں ان چیزوں کے اندر چھپی ہوئی ہندسیہ شکلیں ڈھونڈو۔

۳۔ ان دونوں چیزوں کے ایک دوسرے کے مقابلے میں حجم (سائز) کے فرق اور تناسب کو ذہن میں رکھو۔

۴۔ چیزوں کی بیرونی شکل کا ہندسی شکلوں کی مدد سے خاکہ بناؤ۔

۵۔ چیزوں کی خصوصیات کے مطابق لکیروں کی مدد سے اس خاکے کو صحیح گھماؤ دے کر ڈرائنگ مکمل کرو۔

۶۔ چیزوں کے اندرونی حصوں کی باریکیوں کا تفصیلی خاکہ بناؤ۔

۷۔ تیار شدہ خاکے کو اپنے پسندیدہ رنگوں کے ذریعے رنگ کر مکمل کرو۔ مثلاً: روغنی کھریا، پانی رنگ (واٹر کلر) وغیرہ۔



## آؤ چھاپے لے کر چیزوں کی تصویر کو رنگتے ہیں

تم نے چیزوں کی تصویر بنا کر اسے بہت اچھے سے رنگ کیا ہے۔ لیکن کیا تم جانتے ہو کہ ہم چیزوں کی تصویر کو چھاپوں کی مدد سے بھی رنگ کر مکمل کر سکتے ہیں؟ پہلے ہم نے ڈیزائن بنانے کے لیے مختلف چھاپے لیے تھے، کیا وہ تمھیں یاد ہیں؟ تو آؤ، اب چھاپوں کا استعمال کر کے تصویر کو رنگتے ہیں۔

۱۔ اپنے کمرۂ جماعت کی کسی بھی ایک چیز کا خاکہ بناؤ۔ مثلاً: بستہ، ڈبا، کتاب، قلم یا کچھ بھی۔

۲۔ ان چیزوں کے اصل رنگوں کے مطابق چھاپ لگانے کے لیے واٹر کلر کا انتخاب کرو۔

۳۔ منتخب کردہ چیز کی تصویر کو رنگنے کے لیے تم کس چیز کا چھاپا استعمال کرنے والے ہیں، یہ طے کرو۔ جیسے انگلی کا چھاپا، بھنڈی کا چھاپا، پیاز کا چھاپا، پتے کا چھاپا وغیرہ۔

CG - 2,3
C - 2.2, 3.1
LO- 03AE11,16

- بچوں کو چھاپے کے کام کا تصور واضح کریں اور اس کا استعمال کر کے اشیا کے خاکے پر چھاپ لگانا عملی طور پر دکھائیں۔

۴۔ منتخب کردہ وسائل کا استعمال کر کے مختلف رنگوں کے امتزاج سے چھاپوں کی مدد سے تصویریں مکمل کرو۔
۵۔ اپنی بنائی ہوئی تصویروں کو دکھاؤ اور اپنے تجربات بیان کرو۔

## کولاج کے ذریعے چیزوں کی مصوری

چھاپوں کی مدد سے تم نے چیزوں کی تصویروں میں خوبصورت رنگ بھرے۔ اب ہم چیزوں کی تصویروں کو رنگنے کے ایک اور طریقے کو سمجھنے والے ہیں، وہ ہے کولاج۔ نقش و نگار (ڈیزائن) کے کام میں بھی ہم نے کولاج کا استعمال کیا ہے۔



کولاج کے کام سے چیزوں کی تصویر تیار کرنے کے لیے درج ذیل مراحل کا استعمال کرو۔

۱۔ منتخب کردہ چیز کا، کاغذ پر خوشنما لگنے والا ایک بڑا بیرونی خاکہ بناؤ۔
۲۔ چیز کے رنگ کے مطابق چپکانے کے لیے رنگین کاغذ اور گوند جیسی چیزیں جمع کرو۔
۳۔ چیز کے رنگ کے مطابق رنگین کاغذ کے ہاتھوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرو۔
۴۔ تیار کردہ ٹکڑوں کو چیز پر نظر آنے والے رنگوں کے لحاظ سے چیز کے خاکے پر چسپاں کر کے کولاج کے طریقے سے تصویر مکمل کرو۔

## میرا عمل

- گھر کی کوئی بھی دو چیزیں ایک دوسرے کے قریب رکھ کر ان کی متناسب تصویر بناؤ اور رنگ بھرو۔
- اپنی پسندیدہ چیز کی تصویر بنا کر اس میں ٹھپا کاری کے ذریعے رنگ بھرو۔
- کسی ایک چیز کی تصویر بنا کر اسے کولاج کے طریقے سے مکمل کرو۔

- کولاج کا تصور سمجھائیں۔ کولاج کے نمونے دکھا کر چسپاں کرنے کے ذریعے چیزوں کی تصویر تیار کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔

CG – 3
C – 3.1
LO– 03AE18

# ۵۔ سہ ابعادی فنی شاہکار

نیچے دی ہوئی دونوں تصویروں کو دیکھو۔ ان میں تمھیں کیا فرق نظر آ رہا ہے، اس پر گفتگو کرو۔

۱۔



۲۔



تصویر کے دو رخ (ابعاد) ہوتے ہیں، یعنی لمبائی اور چوڑائی۔ دو رخ رکھنے والے فن پارے کو دو ابعادی (ٹو ڈی) شاہکار کہتے ہیں۔ تمھاری بنائی ہوئی تصویر دو ابعادی فن پارہ ہے۔ اب ہمیں سہ ابعادی (تھری ڈی) شاہکار تیار کرنا ہے۔ سہ ابعادی کا مطلب ہے تین رخ؛ لمبائی، چوڑائی اور موٹائی (یا گہرائی)۔ سہ ابعادی شاہکار کو مجسمہ بھی کہا جاتا ہے۔

## قدرتی اجزا سے سہ ابعادی شاہکار (مجسمہ سازی)

گھوڑوں کے ان مجسّموں کو دیکھو اور لکھو کہ یہ کون سے اجزا سے بنے ہیں، ان کے نام لکھو۔









------------- ------------- ------------- -------------

اس طرح ہم مختلف قدرتی اجزا کی مدد سے سہ ابعادی بناوٹ (مجسّمے) تیار کر سکتے ہیں۔ مثلاً کاغذ، مٹی، لکڑی، ان چیزوں کو 'ذریعہ' کہا جاتا ہے۔

ان ذرائع کے علاوہ آپ کے آس پاس دستیاب کون سی دوسری چیزوں کی مدد سے سہ ابعادی بناوٹ (مجسمہ) تیار کیا جاسکتا ہے، ان کی ایک فہرست بناؤ۔

- ماحول میں دستیاب ذرائع اور وسائل کو جمع کرنے کے لیے کہیں۔
- جمع کردہ سامان کا استعمال کر کے سہ ابعادی بناوٹ (مجسمہ) تیار کرنے کا عملی مظاہرہ کریں۔
- جمع کردہ سامان سے بچوں کو سہ ابعادی بناوٹ تیار کرنے کے لیے کہیں اور اپنے فن پارے کی وضاحت کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

CG – 3
C – 3.1
LO– 03AE19

تیار کردہ فہرست میں موجود ذرائع کا استعمال کر کے کون سا سہ ابعادی شاہکار بنایا جا سکتا ہے، لکھو۔

| ذرائع | فن پارے کا نام |
| --- | --- |
| ---------- | ---------- |
| ---------- | ---------- |
| ---------- | ---------- |
| ---------- | ---------- |
| ---------- | ---------- |

## آؤ گاڑی بنائیں

اپنے آس پاس دستیاب ذرائع میں سے اپنی پسند کے مطابق کسی گاڑی کا سہ ابعادی ماڈل تیار کرو۔

## دو واسطوں کی مدد سے سہ ابعادی بناوٹ

تیار کردہ سہ ابعادی ماڈل اور اسے بناتے وقت حاصل ہونے والے تجربے کے بارے میں جماعت میں بات چیت کرو۔

اب ہم ایک کی بجائے دو الگ الگ وسائل کا استعمال کر کے سہ ابعادی ماڈل (فن پارہ) تیار کرتے ہیں۔

- اس کے لیے اپنے آس پاس دستیاب ماحول دوست ذرائع میں سے کوئی بھی دو ذرائع منتخب کرو۔
- ان دو ذرائع کی مدد سے گھر کا ایک خوبصورت ماڈل تیار کرو۔
- تیار کردہ گھر کا سہ ابعادی ماڈل اپنے ہم جماعتوں اور اساتذہ کو دکھاؤ۔

## میرا عمل

**یاد رکھو :**
ماحول دوست ذرائع سے مراد ایسا ذریعہ ہے جس سے ماحول آلودہ نہیں ہوتا اور نہ ہی ماحول کو کوئی نقصان پہنچتا ہے۔

- اپنے آس پاس دستیاب وسائل کا استعمال کر کے کسی جانور یا پرندے کا ماڈل یعنی سہ ابعادی فن پارہ تیار کرو۔
- اپنے اسکول میں گروپ بنا کر ماحول دوست چیزوں/اجزا کی مدد سے کوئی ماڈل تیار کرو۔ جیسے: قلعہ، روبوٹ وغیرہ۔

- آس پاس دستیاب ذرائع اور وسائل کو جمع کروائیں۔
- جمع کردہ وسائل کا استعمال کر کے سہ ابعادی بناوٹ کی عملی مشق کر کے دکھائیں۔
- جمع کردہ وسائل سے سہ ابعادی ماڈل تیار کرنے کے لیے کہہ کر فن پارے کی وضاحت کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

CG – 3
C – 3.1
LO– 03AE19, 20,17


اسٹیج
(تھیٹر)

# ٦۔ آؤ اداکاری کریں

قدرت میں کئی طرح کے جانور اور پرندے پائے جاتے ہیں۔ ہر جانور اور پرندے کی آواز الگ ہوتی ہے۔ ان کی حرکات وسکنات بھی مختلف ہوتی ہیں۔ کیا تم کچھ جانوروں اور پرندوں کی آوازیں نکال سکتے ہو؟

## آؤ ایک مزیدار کھیل کھیلیں

**نیچے دی ہوئی تصویروں میں موجود جانوروں اور پرندوں کی آوازوں کی نقل اُتارو۔**



## بوجھو تو جانیں، یہ کون ہے؟

اس کھیل میں ہم اپنے آس پاس کے جانوروں اور پرندوں کی آوازوں کی نقل اُتاریں گے۔ وہ آواز کس کی ہے، یہ پہچانیں گے۔ اس کے لیے تم جن جانوروں اور پرندوں کو جانتے ہو، ان کی آواز نکالو۔

اب جماعت کے تمام بچے دائرے میں بیٹھ جائیں۔ تم میں سے کوئی ایک کسی جانور یا پرندے کی آواز نکالے۔ باقی بچے پہچانیں کہ وہ کون سا جانور یا پرندہ ہے۔ جو صحیح جواب دے، اسے اگلی آواز نکالنے کا موقع دیں۔

اب ہم تصویروں میں موجود جانوروں اور پرندوں کی حرکات وسکنات کی بھی نقل اتارتے ہیں۔



CG – 4,1
C – 1.1
Lo – 03AE26
03AE27

- مختلف جانوروں اور پرندوں کی تصویریں دکھا کر ان کی آوازوں اور حرکات وسکنات کی نقل اتارنے کا موقع دیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر طالب علم اس میں حصہ لے رہا ہے۔
- دیے ہوئے کھیل کو عملی طور پر کھیلنے کا موقع دیں۔

## چیزوں کی آوازوں کا لطف !

ہم نے الگ الگ پرندوں اور جانوروں کی آوازیں نکالیں اور انھیں پہچانا بھی۔ ہر چیز کی آواز مختلف ہوتی ہے۔ اب ایسی ہی کچھ اور چیزوں کی فہرست تیار کرو جن کی آوازیں تم نے سنی ہیں۔

---------------------- ---------------------- ----------------------

---------------------- ---------------------- ----------------------

---------------------- ---------------------- ----------------------

---------------------- ---------------------- ----------------------

## آوازوں کا کھیل:

ایک طالب علم کی آنکھوں پر رومال باندھو۔ جماعت کی کوئی بھی ایک چیز بجاؤ۔ (مثلاً کمپاس کھولنا، دروازہ کھولنا)۔ جس طالب علم کی آنکھیں بندھی ہیں وہ پہچانے کہ یہ کس چیز کی آواز ہے۔ اگر وہ آواز پہچان لے تو اگلے طالب علم کی آنکھیں باندھ کر آواز پہچاننے کا موقع دو۔ لیکن اگر دو مواقع ملنے پر بھی وہ آواز نہ پہچان پائے، تو اسے کسی بھی جانور یا پرندے کی آواز نکالنے یا اس کی طرح حرکتیں کرنے کے لیے کہو۔



CG - 1
C- 1.2
Lo- 03AE28

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ دیے ہوئے کیو آر کوڈ میں ریکارڈ آوازیں طلبہ صحیح طریقے سے پہچان رہے ہیں۔
- طلبہ سے مختلف چیزوں کی آوازیں نکالنے کے لیے کہہ کر ان کی مشق کرائیں۔
- مختلف چیزوں کی آوازیں یاد کر کے ان کی فہرست بنانے کے لیے کہیں۔
- آوازوں کا کھیل کھیلتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر طالب علم کو موقع ملے۔

## آؤ لوگوں کی نقل اُتاریں۔

ہمارے گھر اور آس پاس مختلف عمر کے لوگ رہتے ہیں۔ آؤ ان لوگوں کی آوازوں اور حرکات وسکنات کی نقل اتارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر:






اسی طرح اپنے آس پاس کے پیشہ ور افراد اور دوسرے لوگوں کی نقل اُتار کر دیکھو۔

**یاد رکھو:**

نقل اُتارنا ایک مہارت ہے۔ **لیکن یہ نقل دوسروں کو چڑانے یا ان کا مذاق اڑانے کے لیے ہرگز نہیں ہونی چاہیے۔**

## ڈرامائی منظر کی مشق

ہم نے جانوروں، پرندوں اور چیزوں کی آوازوں کی نقل اتاری۔ کچھ لوگوں کی آوازوں اور حرکات وسکنات کی بھی نقالی کی۔ ان کا استعمال کر کے اب ہم کچھ چھوٹے چھوٹے مناظر پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

آؤ نیچے دیے ہوئے مناظر کے مکالمے پڑھیں اور ان پر ایک چھوٹا سا ڈرامائی منظر پیش کریں۔

### منظر ۱ - صبح ہوگئی

(کردار: چڑیا، کوا، مرغا، امی اور ایک سویا ہوا لڑکا)

ان کرداروں کو آپس میں بانٹ لو اور درج ذیل مکالموں پر اداکاری کرو۔

مرغا: ککڑوں کوں... ککڑوں کوں... ارے اُٹھو بھائی، اُٹھو۔ صبح ہوگئی!

چڑیا: چیں... چیں... چیں... ارے دیکھو تو سہی، سورج چاچا اوپر آگئے!

کوا: کائیں... کائیں... کائیں... چلو، چلو، اپنے اپنے کام پر لگ جاؤ۔

امی: اماں، اُٹھو بیٹا۔ تمھارے دوست کب کے اُٹھ گئے۔ تم کب اُٹھوگے؟

لڑکا: سچ میں امی... ان سب کی آوازیں کتنی پیاری لگ رہی ہیں۔ چلو، میں بھی اُٹھتا ہوں۔ اب اسکول کی تیاری کرتے ہیں۔ لا لا لا لا لا لا لا لا لا

- مختلف آوازوں کی نقل کرا کر بچوں سے پوچھیں کہ یہ آوازیں کب اور کس کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔
- خاندان اور آس پاس کے لوگوں کی حرکات وسکنات کی نقل اتارنے کا موقع دیں۔
- ڈرامائی مناظر کو پیش کرتے وقت شروع میں صرف زبان و آواز کی اداکاری (زبانی مشق) کرائیں اور بعد میں پورا منظر پیش کرائیں۔

CG- 1
C- 1.1
Lo- 03AE 26

کیوں پھر، آیا نا مزا؟ اب نیچے کچھ اور مناظر دیے ہوئے ہیں۔ ان کا گروہ میں مظاہرہ (پیشکش) کرو۔

## منظر ۲ - باورچی خانے کی گڑبڑ

(کردار: کوکر، نل، تھالی/ رکابی اور امی)

نل : ٹپ... ٹپ... ٹپ... مجھے کوئی اچھی طرح بند کرو نا یار!

کوکر: شششششش... شششششش... سبزی پک گئی۔ ٹھیک ہے!

تھالی: کھن نن ن... ہائے اللہ، مجھے چوٹ لگ گئی!

امی : ارے خداوندا، کتنا سامان بکھرا ہوا ہے یہ! اور یہ تھالی نیچے کیسے گر گئی، حد ہو گئی بھئی! پہلے کوکر کا گیس بند کرتی ہوں۔ ارے، یہ نل بھی کھلا ہی ہے کیا؟ ٹھہرو ذرا، بند کرتی ہوں تمھیں، یوں ٹپ ٹپ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں، اب باورچی خانہ ذرا ٹھیک لگ رہا ہے۔ ہش ش ش...

## منظر ۳- غیر ضروری کاٹ چھانٹ نہیں چاہیے

(کردار: پنسل، ناپ پٹی، ربر، رفیق)

پنسل: کھر.. کھر.. کھر.. اے رفیق، ذرا ٹھیک سے لکھو نا۔

رفیق: کیا ہوا، درد ہو رہا ہے کیا؟ میں تو ایسا ہی لکھتا ہوں۔

ربر : مٹاؤ.. مٹاؤ.. مٹاؤ.. یہ ہے ہی ایسا، ٹھیک سے لکھتا ہی نہیں اور بار بار میرا استعمال کرتا ہے۔

پنسل: اور مجھے لے کر دوبارہ لکھتا ہے۔

پٹی : میرا استعمال تو لکیریں کھینچنے کے لیے کم اور لڑائی مار پیٹ کرنے کے لیے ہی زیادہ ہوتا ہے۔

رفیق: اچھا بابا اچھا، میں اب صاف ستھرا، آرام سے اور خوش خط لکھوں گا، اب تو ٹھیک ہے نا؟

اپنی دوسری درسی کتابوں یا کہانیوں کی کتابوں میں سے ایسے ہی کچھ چھوٹے چھوٹے مناظر تلاش کر کے ان کا گروہ میں مظاہرہ کرو۔

اپنے گروہ کی پیشکش کے دوران دوسرے ہم جماعتوں اور استاد کی دی ہوئی ہدایات اور مشوروں پر توجہ دے کر دوبارہ مظاہرہ کرو۔

CG - 1,3
C - 1.1, 3.2
LO03AE26,36

- دوسری درسی کتابوں یا کہانیوں کی کتابوں سے مناظر منتخب کر کے منظر کشی (ڈرامے) کی مشق کرائیں۔ ساتھ ہی طلبہ کو خود سے مناظر تیار کر کے پیش کرنے کا موقع دیں۔
- ڈرامائی پیشکش کا مشاہدہ کر کے ضروری ہدایات دیں اور اس کے مطابق دوبارہ پیش کرنے کے لیے کہیں۔

نیچے دی ہوئی تصویریں دیکھ کر موسموں کے نام پہچانو اور لکھو۔





---------------------------- ----------------------------



----------------------------

نیچے کچھ تصویریں دی ہوئی ہیں۔ ان تصویروں کو دیکھ کر ہم کس موسم میں کون سا لباس پہنتے ہیں، لکیر کھینچ کر ان کی جوڑیاں بناؤ۔













| موسمِ باراں | موسمِ سرما | موسمِ گرما |
| --- | --- | --- |

مختلف موسموں میں پہنے جانے والے لباس کے بارے میں بات چیت کرو۔

CG -4
C - 4.1
LO03AE40

- تینوں موسموں کی خصوصیات اور ان میں استعمال ہونے والے کپڑوں کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔

## منظر نامہ ایک – موسم کئی

منظر : اسکول کی تیاری کر کے صبح کے وقت پیدل اسکول جانے والا راجو۔ اگر چہ یہ منظر ایک ہی ہے لیکن اب یہ الگ الگ موسموں میں کس طرح پیش آئے گا، اسے اداکاری کے ذریعے دِکھانا ہے۔



اوپر دیا ہوا منظر اگر چہ ایک ہی ہے، لیکن اب یہ الگ الگ موسموں میں کس طرح پیش آئے گا، اسے اداکاری کے ذریعے دکھاؤ۔

## میرا عمل

۱۔ صبح سے رات تک گھر میں سنائی دینے والی پانچ الگ الگ آوازوں کی مشق کر کے جماعت میں دوستوں کو سناؤ۔ (مثلاً سائیکل کی گھنٹی، مکسر کی آواز، کوکر کی سیٹی)

۲۔ بے کار چیزوں کا استعمال کر کے ایک ساز تیار کرو۔ مثلاً ایک پلاسٹک کی بوتل میں تھوڑے سے کنکر یا موتی بھرو۔ بوتل کو ہلانے پر ہونے والی آواز کو محسوس کرو۔ 'شیکر' نامی ساز تیار ہو جائے گا۔

۳۔ درج ذیل کرداروں کے چلنے کی نقل کرو۔

۱۔ شان سے چلتا ہوا شیر ۲۔ سہما ہوا چوہا

۳۔ کھیل کر تھکا ہوا لڑکا ۴۔ بچے کا رینگنا

۴۔ اصل لباس کا استعمال کر کے ان مناظر کو گروہ میں پیش کرو۔

۱۔ موسمِ گرما – عین دوپہر کے وقت بازار سے سبزیوں کی تھیلیاں لے کر گھر آنا۔

۲۔ موسمِ باراں – بارش میں بس کا انتظار کرتے ہوئے درخت کے نیچے کھڑے رہنا۔

۳۔ موسمِ سرما – راستے کے کنارے بیٹھے ہوئے بلّی کے بچے کو گھر لانا۔

CG -4
C - 4.1
LO03AE40

- اس بات کی تسلی کریں کہ سرگرمی اور حرکات وسکنات میں تال میل ہے۔
- بچوں کو جذبات اور حرکات وسکنات کا اظہار کرنے پر زور دینے کے لیے کہیں۔ ان کے چہرے کے تاثرات مکالموں کے مطابق درست ہیں یا نہیں، یہ دیکھ کر ان کی رہنمائی کریں۔

# ۷۔ آؤ ڈرامے کی تیاری کریں

ڈرامے کی تیاری شروع کرنے کے لیے سب سے پہلے جس چیز کی ضرورت ہوتی ہے، وہ ہے ایک کہانی یا کوئی واقعہ، جسے ہم 'اسٹوری' کہتے ہیں۔ اس کے بعد ہم اس کے لیے درکار ساز و سامان اور پوشاک کے بارے میں سوچتے ہیں۔ کسی واقعے کو اسٹیج پر پیش کرتے وقت، وہ زیادہ خوبصورت نظر آئے اور حقیقی لگے، اس کے لیے اداکاری کا عمدہ ہونا تو ضروری ہے ہی، لیکن ساتھ ہی ساتھ اس کے لیے ضروری چیزیں، پوشاک اور موسیقی بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اب آیئے، درج ذیل منظر کو پڑھتے ہیں۔

راجو اسکول سے دوڑتا ہوا گھر آیا۔ اس نے اپنا بستہ رکھا اور کھانے کا ڈبا تو بس پھینک ہی دیا۔ کیونکہ آج اس کا کرکٹ میچ تھا۔ گھر میں رکھا ہوا بلّا اور ٹوپی اس نے ہاتھ میں لی اور اپنی باجی سے کہا، ''میں جا رہا ہوں باجی۔'' اس پر اس کی باجی باہر آئیں اور کہنے لگیں، ''ارے، ابھی تو گھر آئے ہو اور فوراً کہاں چل دیے؟'' اس پر راجو نے کہا، ''ہمارا کرکٹ میچ ہے۔ مجھے ذرا یہ پانی کی بوتل بھر دوگی؟'' اس پر باجی نے کہا، ''ارے، باہر بارش کے آثار ہیں۔ دیکھو کتنا اندھیرا چھا گیا ہے۔ تم گھر میں ہی بیٹھو، ورنہ امی آئیں گی تو ڈانٹیں گی۔'' راجو نے کہا، ''ہمارا میچ پہلے سے طے تھا۔ بارش بعد میں آئی ہے۔ ہم اس کی وجہ سے اپنا میچ رد نہیں کر سکتے۔'' باجی کو سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ ہنسیں یا غصہ کریں، اس پر وہ بولیں، ''ٹھیک ہے، لیکن اسکول کا یونیفارم تو بدل لو اور یہ ٹی شرٹ پہن کر جاؤ۔ اور ہاں، یہ چھتری لے لو، اگر بارش آئی تو کام آئے گی۔'' ''ارے باجی، کیا میں بیٹنگ کرتے وقت بلّا چھوڑ کر اس چھتری سے گیند ماروں گا؟ آپ بھی نا...'' ''دیکھو، تمھیں چھتری ساتھ لے جانی ہی پڑے گی۔'' باجی نے غصّے سے کہا۔ اتنے میں باہر بارش کی آواز آنے لگی۔ اس پر باجی بولیں، ''دیکھو، بارش شروع ہو گئی۔ اب جب تک یہ رکتی نہیں، تب تک کچھ کھا پی لو تا کہ کھیلنے کے لیے طاقت مل جائے۔''

یہ منظر آپ نے یقیناً غور سے پڑھا ہوگا۔ اب اس منظر کو اسٹیج پر پیش کرنے سے پہلے، آؤ کچھ ابتدائی تیاری کرتے ہیں۔

*** منظر کو پیش کرنے کے لیے استعمال ہونے والے ساز و سامان کی فہرست بناتے ہیں:**

------------------   ------------------   ------------------

------------------   ------------------   ------------------

------------------   ------------------   ------------------

اگر یہ سامان آپ کے آس پاس دستیاب ہوں تو اسے اکٹھا کر کے مشق کرو۔

CG- 2
C- 2.1
Lo-03AE29

- منظر کے مطابق آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ خواندگی کرائیں۔
- منظر کی ضرورت کے مطابق ضروری ساز و سامان کی فہرست تیار کرائیں۔

## متبادل سامان کا استعمال

اگر کچھ سامان اپنی اسکول یا آس پاس دستیاب نہ ہوں تو اس کے لیے متبادل سامان کا استعمال کرو۔ جیسے :



اس طرح ایک ہی شے کا، قوتِ تخیل کی مدد سے الگ الگ طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## سامان کی تیاری

کبھی کبھی اپنے آس پاس دستیاب اشیا میں تھوڑی سی تبدیلی کر کے بھی کارآمد چیزیں تیار کی جاسکتی ہیں۔ جیسے :

### کرسی سے تختِ شاہی



CG- 2,3
C- 2.1, 3.1
Lo–03AE30
03AE34

- بچوں کو مانوس چیزیں دکھا کر ڈرامے کی پیشکش میں ان چیزوں کا تخیلاتی طور پر کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، اس کی سرگرمیاں کرائیں۔

ایسے متبادل یا تیار کردہ وسائل کا استعمال کر کے دیے ہوئے مناظر کی پیشکش کی مشق کرو۔ اپنے دوسرے گروہ کے دوستوں اور استاد کو دکھاؤ۔ استاد اور دوستوں کی طرف سے تجویز کردہ اصلاحات کو سن کر پیشکش میں ضروری تبدیلیاں کرو اور دوبارہ نئے سرے سے پیش کرو۔

## پوشاک

پوشاک سے مراد لباس ہے۔ پچھلے منظر میں راجو اور اس کی باجی کا منظر پیش کرنے کے لیے انھیں کون سا پوشاک پہننا چاہیے، آؤ اس کی ایک فہرست تیار کرتے ہیں۔

| راجو | باجی |
| --- | --- |
| ------------------ | ------------------ |
| ------------------ | ------------------ |
| ------------------ | ------------------ |
| ------------------ | ------------------ |
| ------------------ | ------------------ |

- ایک دوسرے کے تعاون سے یہ پوشاک جمع کرو۔
- پوشاک پہن کر مشق کرو۔
- اپنے دوستوں کو یہ مشق دکھاؤ اور اگر وہ کوئی اچھی تبدیلی تجویز کریں تو اس کے مطابق تبدیلی کر کے دوبارہ پیش کرو۔

## آؤ کھیلیں کھیل: تالیاں بجا کر بارش کا سماں باندھنا

ایک بچہ گروہ کے سامنے کھڑا ہو کر انگلیوں کی تعداد اشارہ کر کے دکھانے کو کہے۔

دوسرے بچے پہلے ایک انگلی کی تالی، پھر دو انگلیوں کی، اس طرح آہستہ آہستہ انگلیوں کی تعداد بڑھاتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے تالی بجاتے رہیں گے۔ تالیوں کی آواز ایسی سنائی دے گی جیسے بارش تیز ہوتی جا رہی ہو۔

اب دوبارہ الٹے ترتیب سے، انگلیاں کم کرتے ہوئے آخر میں پھر سے ایک انگلی کی تالی بجائیں، جس سے ایسا لگے گا جیسے بارش کم ہو کر بند ہو گئی ہو۔ اس کھیل کی دلچسپی بڑھانے کے لیے ہدایات کے مطابق انگلیوں کی تعداد کم یا زیادہ کرتے رہیں۔

**اس کھیل کا استعمال راجو اور باجی کے ڈرامے کے وقت بارش کی آواز نکالنے کے لیے کرو۔**

- بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو موقع فراہم کرنے کے لیے مختلف مناظر اور کہانیوں کا مطالعہ اور پیشکش کرائیں۔ اس کے لیے ضروری لباس منتخب کرنے کا موقع دیں۔
- 'تالیاں بجا کر بارش کا سماں باندھنا' سرگرمی کے لیے درمیان میں کم یا زیادہ انگلیاں دکھائیں اور بارش کی بدلتی ہوئی آواز کا تجربہ کرائیں۔

CG- 2
C- 2.1
Lo-03AE32
03AE33
03AE36
03AE37

# میرا عمل

۱۔ تھوڑا غور کرو اور بتاؤ کہ اس کمپاس باکس کا بطور چیز تم کہاں کہاں استعمال کر سکتے ہو۔



۲۔ اپنی جماعت کے اسباق میں سے یا دیگر مضامین کی درسی کتابوں یا کہانیوں کی کتاب سے کوئی ایک منظر (واقعہ) منتخب کرو۔ منتخب کردہ منظر کو پیش کرنے (اسٹیج اداکاری کرنے) کے لیے درج ذیل نکات پر غور کرو۔

- کرداروں کا انتخاب
- سامان (پراپس) کا انتخاب
- پوشاک کا انتخاب
- جماعت تھیٹر کی ترتیب
- پیشکش (اداکاری)

CG- 2
C- 2.1
Lo–03AE32
03AE33
03AE36
03AE37

- بچوں کی شمولیت اور ان کی تخیلاتی صلاحیت (تخلیقی سوچ) کو فروغ دیں۔
- منظر پیش کرتے وقت جہاں ضرورت ہو وہاں مناسب رہنمائی کریں۔

# ۸۔ چلو اسٹیج پر

اب تک ہم نے ڈرامے کی ساری تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ لیکن تمھارے ذہن میں یہ سوال ضرور آرہا ہوگا کہ یہ ڈراما کہاں پیش کیا جائے؟ ایک جماعت میں ایسا ہی کچھ ہوا تو آؤ درج ذیل منظر کے ذریعے دیکھتے ہیں۔

پروین : ٹیچر، ڈرامے کی ساری تیاریاں تو ہو گئیں لیکن ہم ڈراما کہاں پیش کریں گے؟

ٹیچر : کیوں بھئی، کیا ہوا؟

شبانہ : اسکول کے ہال میں والدین کے اجلاس کی تیاریاں چل رہی ہیں اور میدان کا اسٹیج دھوپ کی وجہ سے بہت گرم ہو چکا ہے۔ وہاں پاؤں جلیں گے۔

ٹیچر : ارے، تو پھر ہم اپنی جماعت ہی میں ڈراما پیش کر لیتے ہیں نا، کیونکہ ہمارے ہم جماعت دوست ہی ہمارے ناظرین ہیں۔ وہ اس جماعت میں آرام سے بیٹھ جائیں گے۔

راجو : ٹیچر، ہم ڈراما تختۂ سیاہ کے سامنے کھڑے ہو کر پیش کریں گے نا؟

ٹیچر : ہاں۔

راجو : تو پھر کیا اس تختۂ سیاہ پر ڈرامے کے متعلق کوئی اچھی سی تصویر بنا دیں؟

ٹیچر : ہاں، ضرور بناؤ۔ لیکن اس میز کو تھوڑا بازو میں ہٹا دو تاکہ ڈراما پیش کرنے کے لیے اچھی خاصی جگہ مل جائے۔

پروین : ٹیچر، کیا ان میزوں کو تھوڑا پیچھے ہٹا دیں تاکہ موسیقی بجانے والے بچے یہاں بیٹھ سکیں؟

شبانہ : ہاں! انھیں اپنا سامان رکھنے کے لیے بھی تو جگہ چاہیے ہوگی نا۔

ٹیچر : ٹھیک ہے۔ لیکن میزوں کو اس طرح ترتیب دینا ہوگا کہ ڈراما دیکھنے والے ہمارے طلبہ اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھ کر پورا ڈراما آسانی سے دیکھ سکیں۔

جاوید : لیکن ڈرامے میں استعمال ہونے والا سامان اگر سامنے سجا دیا، تو وہ سب کو پہلے ہی نظر آجائے گا نا!

راجو : ٹیچر، ہم اسے کیسے ڈھانپیں تاکہ ڈراما شروع ہونے سے پہلے وہ کسی کو دکھائی نہ دے؟

عائشہ : سر، ہمیں بھی ڈرامے میں شامل کر لیجیے نا۔

ٹیچر : ارے عائشہ، تمھاری طرح کچھ اور طلبہ بھی ڈرامے میں حصہ لینے والے ہیں۔ تم بھی ان کے ساتھ شامل ہو جاؤ۔

عائشہ : لیکن ٹیچر، ہمارا کردار کون سا ہوگا؟ ڈراما تو آدھے گھنٹے میں شروع ہونے والا ہے نا؟ پھر ہماری مشق کا کیا ہوگا؟

CG – 3
C– 3.2
Lo– 03AE35
03AE38

• دیے ہوئے مکالموں کو پہلے پڑھوائیں اور ہر کردار بچوں میں تقسیم کر کے ان سے مکالمے ادا کرائے جائیں۔

ٹیچر : آپ کا کردار پردے کا ہے۔

عائشہ : کیا! پردے کا؟

ٹیچر : ہاں، بچوں کے ڈرامے کا پردہ بھی بچوں کا ہی ہوگا۔ یعنی اب ہماری جماعت کا تیار ہوگا 'کلاس روم تھیٹر'۔

سب : کیا، کلاس روم تھیٹر؟

ٹیچر : ہاں، اسی کو تو 'کلاس روم تھیٹر' کہتے ہیں۔

شبانہ : لیکن ٹیچر، ڈراما شروع ہونے سے پہلے ہی ہمارا سامان اور پیچھے سجایا ہوا تختۂ سیاہ کسی کو نظر نہیں آنا چاہیے نا! اسے کیسے ڈھانپیں گے؟

ٹیچر : اسی لیے تو کرنا ہے بچوں کے جسمانی ڈھانچے کا یہ پردہ۔ اسٹیج کے سامنے والے حصے میں ایسے بچوں کو پاس پاس کھڑا کرنا ہے۔ اس سے ناظرین کو پیچھے کا کچھ بھی دکھائی نہیں دے گا۔ پھر ڈراما شروع ہونے سے ٹھیک پہلے یہ بچے آہستہ آہستہ بائیں اور دائیں جانب ہٹ جائیں گے۔ اب اسٹیج کا حصہ دکھائی دینے لگے گا اور ڈراما شروع ہو جائے گا۔

## انسانی جسم کا پردہ



بند پردہ



پردہ کھلتے ہوئے

CG – 3
C– 3.2
Lo– 03AE35
03AE38

- پیشکش کرتے وقت بچوں کی مناسب تعداد کا خیال رکھتے ہوئے الگ الگ گروہ بنائیں۔
- اس بات پر توجہ دیں کہ ہر ایک بچے کو موقع ملے۔

## موسیقی کا ساتھ

کسی منظر یا واقعے کو پیش کرتے وقت، اسے ناظرین کے لیے مزید دلچسپ اور دل کش بنانے کے لیے موسیقی کا سہارا لیا جاسکتا ہے۔ یہ موسیقی ہمارے آس پاس موجود بہت سی عام چیزوں سے بھی تیار کی جاسکتی ہے۔
ایسی ہی کئی چیزوں کا استعمال کر کے ڈرامے کے لیے ضروری آوازیں پیدا کی جاسکتی ہیں اور موسیقی دی جاسکتی ہے۔








موسیقی تو ہمارے اندر ہی چُھپی ہوئی ہے

منہ سے طرح طرح کی آوازیں نکالی جاسکتی ہیں۔

ہاتھوں کی تالی اور پیروں کی تھاپ سے آوازیں پیدا کی جاسکتی ہیں۔


پیشکش کے لیے موسیقی میں ساتھ دینے والے طلبہ

### کیا آپ جانتے ہیں؟

بھارتی علمِ ڈراما کی بنیاد بھرت مُنی نے رکھی۔ مراٹھی تھیٹر کی تاریخ میں 'سنگیت شاکُنتل' کو پہلا میوزیکل ڈراما مانا جاتا ہے۔

### آؤ، یہ کر کے دیکھیں۔

جماعت کے طلبہ کے کچھ گروہ بناتے ہیں۔

**پہلا گروہ** - ہماری درسی کتاب کی نظمیں / مناظر پورے تاثرات اور اداکاری کے ساتھ پیش کرے گا۔

**دوسرا گروہ** - جب پیشکش جاری ہو تو دوسرا گروہ تالیاں بجا کر یا دستیاب چیزوں کی مدد سے موسیقی پیدا کرے گا۔

### موسیقی دینے کے لیے -

- آس پاس دستیاب چیزیں جمع کر کے ان کا ذخیرہ کریں۔
- جمع کی ہوئی چیزوں سے موسیقی پیدا کرنے کے مواقع فراہم کریں۔

CG -3
C-3.2
Lo- 03AE37

## آؤ روشنی کا استعمال کریں

ہم جو منظر پیش کرنے جا رہے ہیں، پہلے یہ دیکھ لیتے ہیں کہ وہ کس وقت کا ہے۔ یعنی یہ غور کریں گے کہ دن کا کون سا پہر ہے ...صبح، دوپہر یا رات۔ تاکہ اس لحاظ سے ہم اپنی جماعت کے ڈراما تھیٹر میں روشنی کر سکیں۔ آؤ دیکھتے ہیں کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

ہم سب کو روشنی دینے والا  ہے۔

اگر ہم اسی کا استعمال اپنی روشنی کی منصوبہ بندی میں کریں تو کتنا مزا آئے گا۔

ہماری جماعت میں  اور  ہوتے ہیں۔

انھیں بند کر کے اندھیرا کر دیا، تو ہو گئی 

اب اگر آہستہ آہستہ صبح ہوتے ہوئے دکھانا ہو، تو آہستہ آہستہ  اور  کھولیں،

لیکن ان سب کو فوراً نہ کھولیں۔ کیونکہ صبح کے وقت ہلکی دھیمی روشنی ہوتی ہے۔

اس کے بعد خوب اچھی طرح اُجالا کر دیں تو ہو جائے گی دوپہر۔  آ جانے پر بھی روشنی کم ہی ہوتی ہے نا! جماعت میں  یا  بھی ہوتا ہے۔ صبح، دوپہر اور رات کا منظر دکھاتے ہوئے ہم  کی مدد سے انھیں آن یا آف کر کے بھی دکھا سکتے ہیں۔

اب ان سب چیزوں سے ہمارے ڈرامے کو چار چاند لگ جائیں گے۔ اس کے مناظر بالکل سچے اور حقیقی لگنے لگیں گے۔ روشنی کی اس منصوبہ بندی کا تجربہ کر کے ایک الگ ہی انوکھا لطف آئے گا۔

CG -4
C - 4.1
LO03AE39

- پیشکش کی مشق کے دوران بچوں سے قدرتی روشنی کا استعمال کرانے کے لیے، انھیں دروازے اور کھڑکیاں کھولنے اور بند کرنے کی مشق کرائیں تاکہ صحیح وقت پر صحیح عمل کا تال میل ہو سکے۔

## آؤ پوشاک تیار کریں

کوئی بھی پیشکش کرنے سے پہلے ہم اس کے لیے طرح طرح کی تیاریاں کرتے ہیں۔ اس کی مشق کرتے ہیں اور پھر جو کردار ہمیں نبھانا ہوتا ہے، اسی مناسبت سے پوشاک پہن کر پیشکش کرتے ہیں۔ اسے دیکھ کر ہمارے دوستوں اور سہیلیوں کو وہ سب بالکل سچا اور حقیقی لگتا ہے۔ لیکن کردار کی پوشاک کا انتخاب کرتے وقت پہلے اپنے گروہ میں بات چیت کر کے فیصلہ کر لو۔ پھر وہ پوشاک جمع کرو اور دیکھو کہ آیا وہ تمھارے ناپ کی ہے، اور اب مشق شروع کرو۔ اگر تم مشق کے دوران ہی وہ خاص پوشاک پہن کر مشق کروگے تو اس لباس میں چلنے پھرنے، بیٹھنے اور کھڑے رہنے کی عادت ہو جائے گی اور اصل پیشکش کے وقت تمھاری توجہ بار بار اپنے پوشاک کی طرف نہیں جائے گی اور تمھاری پیشکش بہت ہی شاندار ہوگی۔



CG -2, 3
C-3.1, 3.2
Lo- 03AE35

- پیشکش میں شامل تمام کرداروں کی ان کی مخصوص پوشاک کے ساتھ مشق کرائیں۔

## آؤ مشق کریں۔

ہم اپنے منتخب کردہ منظر یا ڈرامے کی پیشکش کی مشق اپنی جماعت میں کریں گے۔ اس کے لیے جماعت میں بیٹھنے کا نظم بدلیں گے اور بچوں کو پیشکش کے لیے جگہ بنا کر دیں گے۔

- مشق کرتے وقت منظر کے مطابق روشنی کی منصوبہ بندی کا استعمال کریں گے۔
- مشق کے دوران پیشکش کے لیے ضروری سامان جمع کر کے اس کا استعمال شروع کریں گے۔
- اگر سامان موجود نہ ہوں تو دستیاب سامان کا استعمال موسیقی کے لیے کریں گے۔
- ڈرامے کے کرداروں کا پوشاک طے کریں گے اور پوشاک کے ساتھ مشق کریں گے۔
- پردہ تیار کرنے کے لیے اپنے ساتھیوں کی مدد لے کر اس کی مشق شروع کریں گے۔
- ایک شاندار پیشکش کے لیے پوری طرح تیار ہو جائیں گے۔

## پیشکش ۔

بھرپور مشق کے بعد جماعت کو تھیٹر کی شکل دو اور مشق کے مطابق پوشاک، سامان، موسیقی اور روشنی کی منصوبہ بندی جیسے تکنیکی پہلوؤں کا صحیح استعمال کرتے ہوئے بہترین پیشکش کرو۔

پیشکش کے بعد دوسرے طلبہ اور استاد کی دی ہوئی ہدایات اور مشوروں پر غور کر کے دوبارہ پیشکش کرو۔

## میرا عمل

ا۔ درسی کتاب یا کہانیوں کی کتاب سے کوئی ایک منظر منتخب کر کے اس کی پیشکش کے لیے ـــــ

- کرداروں کا انتخاب
- ضروری سامان
- آواز/موسیقی
- روشنی کی منصوبہ بندی
- پوشاک

ان تمام تکنیکی پہلوؤں کا منصوبہ بند طریقے سے استعمال کرتے ہوئے گروہ میں پیشکش کرو۔

CG -2, 3
C-3.1, 3.2
Lo- 03AE33
03AE35
03AE38

- پیشکش کے لیے پہلے سے مشق کیا ہوا یا درسی کتاب، کہانیوں کی کتاب سے عمر کے لحاظ سے کوئی بھی ایک منظر یا چھوٹا ڈراما منتخب کرنے کا موقع دیں۔

# موسیقی



# ۹۔ سارے مِل کر گائیں

ہم سب کو ہی گیت گانا یا سننا بہت پسند ہے، ہے نا! لیکن کیا تمھیں معلوم ہے جب ہم سب مل کر ایک ساتھ گاتے ہیں تو گانے کا مزا کچھ اور ہی ہوتا ہے!

آج ہم ایسے ہی کچھ اچھے گیتوں سے واقف ہوتے ہیں۔ تو آؤ، سروں کے اس خوبصورت سفر پر چلتے ہیں اور گاتے ہیں۔

## ریاستی گیت

قومی یکجہتی کا جذبہ پیدا کرنے اور مہاراشٹر کی عظمت بیان کرنے کے لیے ریاستی گیت گایا جاتا ہے۔ اِس گیت میں مہاراشٹر کی شاندار تاریخ کا ذکر کیا گیا ہے۔ ریاستی گیت کا احترام برقرار رکھنے کے لیے 'ساودھان' کی حالت میں کھڑے ہو کر اسے گایا جاتا ہے۔

### राज्यगीत

जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा<br>
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा॥धृ॥<br>
भिती न आम्हा तुझी मुळी ही गडगडणाऱ्या नभा<br>
अस्मानाच्या सुलतानीला जबाब देती जिभा<br>
सह्याद्रीचा सिंह गर्जतो शिव शंभू राजा<br>
दरी दरीतून नाद गुंजला महाराष्ट्र माझा<br>
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ॥१॥<br>
काळ्या छातीवरी कोरली, अभिमानाची लेणी<br>
पोलादी मनगटे खेळती, खेळ जीवघेणी<br>
दारिद्र्याच्या उन्हात शिजला<br>
निढळाच्या घामाने भिजला<br>
देश गौरवासाठी झिजला<br>
दिल्लीचे ही तख्त राखितो, महाराष्ट्र माझा<br>
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा<br>
जय जय महाराष्ट्र माझा ॥२॥



गीत – राजा बढे

CG - 1
C - 1.1
LO 03AE43/57

- تال اور سُر کے ساتھ ریاستی گیت کی مشق کرائیں۔

**مناجات** – اپنے دن کا آغاز خوشی کے ساتھ کرنے کے لیے ہم خدا کے حضور مناجات کرتے ہیں جس سے ہمارے اندر اچھے اخلاقی، اقدار پیدا ہوتے ہیں۔ صبح اسمبلی میں ہم یہ مناجات پڑھتے ہیں۔

## مناجات

اے خدا یہ جہاں تو نے پیدا کیا
شکر تیرا کرے کس طرح ہم ادا
یہ زمیں یہ فلک سب میں تیری جھلک
سب سے لیکن جدا اے خدا ، اے خدا

چاند ، سورج تیری روشنی کے نشاں
پتھروں کو بھی تو نے عطا کی زباں
جانور ، آدمی کررہے ہیں سبھی
تیری حمد و ثنا اے خدا ، اے خدا

تو نے بخشی ہے اپنی خلافت مجھے
شوقِ سجدہ بھی کر اب عنایت مجھے
خم رہے میرا سر تیری دہلیز پر
ہے یہی التجا اے خدا ، اے خدا



### پڑھو اور بولو۔

ہم اپنے دن اور پڑھائی کا آغاز دعا سے کرتے ہیں جس سے ہمارا دل و دماغ پرسکون ہو جاتا ہے۔ آؤ، اب ہم سب مل کر یہ دعا پڑھتے ہیں۔

اللہ تو ہے رحمت والا
نام ہے تیرا برکت والا
دیتی ہے ہر چیز گواہی
پاک ہے تیری ذات الٰہی
تو ہی مالک ، تو ہی رب ہے
مولا ! تیری شان عجب ہے
چاند اور سورج ، پھول اور تارے
تو نے بنائے کتنے پیارے
ہم کو سیدھی راہ دکھانا
نیکی کے رستے پہ چلانا
ہمت دینا ، عزّت دینا
علم کی یا رب دولت دینا

CG - 1
C - 1.1
LO 03AE44

- دستیاب وسائل کی مدد سے مناجات اور دعا کی ترنم (تال اور سُر) کے ساتھ مشق کرائی جائے۔

اسکول کی ابتدا ہمیشہ دعا سے ہوتی ہے۔ اس دوران ہم سب مل کر قومی ترانہ، ریاستی گیت، اقوال، دعا اور اجتماعی گیت گاتے ہیں۔ اِس سے دل و دماغ میں یکسوئی آتی ہے اور سکون حاصل ہوتا ہے۔

آؤ، ہم سب مل کر درج ذیل دعا سنتے ہیں اور پڑھتے ہیں۔

## دعا



لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہوجائے

ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یا رب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا رب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ، ضعیفوں سے محبت کرنا

مرے اللہ ! برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اس رہ پہ چلانا مجھ کو

**یاد رکھو :**

دعا اونچی آواز میں چیخ کر نہیں پڑھی جاتی ہے بلکہ اسے پورے دل سے، آہستہ اور مترنم آواز میں پڑھا جاتا ہے۔

CG -1
C -1.2
LO 03AE45/46/57

- دعا کو دھن کے ساتھ گایا جائے اور اس پر بات چیت کریں۔
- گیت کی دھن، لفظوں کے تلفظ، سر اور تال کے بارے میں رہنمائی کریں۔

## بچوں کا گیت

بچوں کا گیت گاتے ہوئے کیا تم نے کبھی رقص کیا ہے؟ تمھیں بچوں کے کس گیت پر رقص کرنا سب سے زیادہ پسند ہے؟ آؤ، ہم سب بھی قدرت کے رنگوں میں رنگ جاتے ہیں اور اِس گیت کے ذریعے پرندوں کی چہچہاہٹ اور پانی کی چھم چھم کو اداکاری کے ساتھ پیش کرتے ہیں!

### گیت



ہم ناز کے پالے ہیں بے باک جیالے ہیں
ہم جھوٹ کے دشمن ہیں سچ بولنے والے ہیں
میٹھی ہے زباں اپنی ہم شہد کے پیالے ہیں
ہم اپنے بزرگوں کی آنکھوں کے اُجالے ہیں
ہم کو جو سنوارو تم دنیا ہی سنور جائے

دنیا کو بسائیں گے سوتوں کو جگائیں گے
دکھ درد مٹائیں گے روتوں کو ہنسائیں گے
ہم ہل بھی چلائیں گے فصلیں بھی اُگائیں گے
راکٹ بھی اُڑائیں گے ہم چاند پہ جائیں گے
ہم کو جو سنوارو تم دنیا ہی سنور جائے

ہم پھول کی رنگت ہیں ہم پیار کی دولت ہیں
اُلفت ہیں محبت ہیں ماں باپ کی عزّت ہیں
ہم ملک کی طاقت ہیں ہم شان ہیں شوکت ہیں
ہم کل کی امانت ہیں ہم ہند کی قسمت ہیں
ہم کو جو سنوارو تم دنیا ہی سنور جائے

- دستیاب وسائل کا استعمال کر کے طلبہ سے تال، سُر اور اداکاری کے ساتھ گیت گانے کو کہا جائے۔
- ہر بچے کو گانے میں شامل کیا جائے۔

CG - 2
C - 2.1
LO03AE
47/57

# بچوں کا گیت



وہ دیکھو اُٹھی کالی کالی گھٹا — ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا
گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی — ہوا میں بھی اک سنسناہٹ ہوئی
گھٹا آن کر مینہہ جو برسا گئی — تو بے جان مٹی میں جان آ گئی
زمیں سبزے سے لہلہانے لگی — کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی
جڑی بوٹیاں ، پیڑ آئے نکل — عجب بیل پتّے ، عجب پھول پھل
ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے — ہر اک پھول کا اک نیا رنگ ہے
یہ دو دن میں کیا ماجرا ہوگیا — کہ جنگل کا جنگل ہرا ہوگیا
جہاں کل تھا میدان چٹیل پڑا — وہاں آج ہے گھاس کا بن کھڑا
ہزاروں پھدکنے لگے جانور — نکل آئے گویا کہ مٹّی کے پر



- اِس بچوں کے گیت کو تالیوں کی تھاپ پر تال اور سُر کے ساتھ گانے کی مشق کرو۔
- بچوں کا یہ گیت گاتے ہوئے تمھیں کیسا لگا، اِس کے بارے میں اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ گروہ میں بات چیت کرو۔
- اِس بچوں کے گیت کے کون سے مصرعے/ اشعار تمھیں پسند آے، اِس سلسلے میں اپنے ساتھیوں سے بات چیت کرو۔

CG -1/2
C -1.1/2.2
LO 03AE
44/45/ 57

- تالیاں بجا کر تھاپ اور دھن کے ساتھ بچوں کو گیت گانے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے گیت کے بارے میں کیسا محسوس ہوا اور کون سے مصرعے/اشعار پسند آئے، اِس پر بات چیت کریں۔

## اداکاری والے گیت

آؤ صرف گیت گانے کی بجائے اس کے لفظوں کے معانی کو ذہن میں رکھتے ہوئے اداکاری کے ساتھ گیت پیش کرتے ہیں۔

مرغی کے سونے کے گہنے
ہاتھی نے وہ ناچ دِکھایا
بلبل نے جو کھیر پکائی
بلّی نے جب شیر کو پکڑا
مور کے پاس تھے گرم پکوڑے
کوے نے کی کائیں کائیں
کوئل بولی ، چیل سہیلی !
چڑیا گھر کا مرغا بولا
مچھّر گانا گاتے آئے
شیر یہ پنجرے میں للکارا

بطخ نے شادی پر پہنے
جو سب لنگوروں کو بھایا
سب چڑیوں نے مل کر کھائی
گیدڑ نے چیتے کو جکڑا
سب بگلے کھانے کو دوڑے
مینڈک بولا ، مل کر گائیں
بوجھو میری ایک پہیلی
ریچھ کا رسّا کس نے کھولا؟
کچھوے ڈھول بجاتے آئے
"کس ظالم نے ہمیں پکارا؟"



**یاد رکھو:**
بچوں کے گیتوں میں بچوں کی پسند ناپسند، قدرت، چرند پرند، کھلونوں وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔

CG - 2
C - 2.1
LO 03AE47/57

- اداکاری والے گیت کی مشق تال، سر اور مناسب اداکاری کے ساتھ کرائیں۔

## حب الوطنی پر اجتماعی گیت

ہم سب بھارت ملک میں رہتے ہیں۔ ہمیں اپنے ملک پر فخر ہونا چاہیے۔ ہمارے ملک کے فوجی سرحدوں پر تعینات رہ کر ہمیشہ اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم سب محفوظ رہ پاتے ہیں۔ آیئے، اب ہم سب مل کر نیچے دیا ہوا حب الوطنی کا گیت گاتے ہیں۔



قدم اُٹھاؤ دوستو !
قدم اُٹھاؤ دوستو !
بڑھے چلو ، بڑھے چلو    چلے چلو ، چلے چلو
چلے چلو ، چلے چلو    بڑھے چلو ، بڑھے چلو
قدم اُٹھاؤ دوستو !
قدم اُٹھاؤ دوستو !
ہر ایک قوم چل چکی    وہ دور تک نکل چکی
ہر ایک شے سنبھل چکی    جہاں کی رُت بدل چکی
قدم اُٹھاؤ دوستو !
قدم اُٹھاؤ دوستو !
یہ ناؤ اپنی قوم کی    چلی اگر تو بس چلی
اُٹھو کہ وقت ہے یہی    لگائیں زور ہم سبھی
قدم اُٹھاؤ دوستو !
قدم اُٹھاؤ دوستو !

**درج ذیل میں سے اپنا کوئی ایک پسندیدہ اجتماعی گیت سن کر اس کی مشق کرو۔**

- پیارا بھارت دیش ہمارا (دوسری جماعت)
- ہمارا وطن دل سے پیارا وطن (تیسری جماعت)
- سارے جہاں سے اچھا
- یہ ہے میرا ہندوستان (چوتھی جماعت)

**یاد رکھو :**
جب بہت سے لوگ ایک ساتھ مل کر تال اور سر میں گیت گاتے ہیں تو اسے اجتماعی گیت کہتے ہیں۔

CG - 3
C - 3.2
LO 03AE57

- حب الوطنی پر گیت کی تال اور سر کے ساتھ مشق کرائیں۔

## میرا عمل

۱) سبق میں آئے ہوئے گیتوں کی مختلف اقسام ذیل کے خاکے میں لکھو۔




۲) سبق میں سیکھے ہوئے گیتوں میں سے کون سا گیت آپ کو بہت پسند آیا، اس کے چار مصرعے لکھو۔

.......................................................................................

.......................................................................................

.......................................................................................

.......................................................................................

۳) سبق میں سیکھے ہوئے کسی بھی ایک گیت کی مشق کر کے اسے گاؤ۔

- سبق میں دیے ہوئے گیتوں کی اچھی طرح مشق کرائیں اور گروہ کی شکل میں پیش کرنے کا موقع دیں۔
- اِسی طرح کے دیگر گیت طلبہ کو گانے کے لیے کہیں۔



# ۱۰۔ گیت ایک کا، گیت دو کا



نیچے دی ہوئی تمام تصویروں کا غور سے مشاہدہ کرو۔

۱۔



۲۔



۳۔



۴۔



۵۔



۶۔



اوپر دی ہوئی تمام تصویروں کا مشاہدہ کر کے تمھیں ان میں کیا یکسانیت یا فرق نظر آتا ہے، اپنی جماعت کے دوستوں/ سہیلیوں کو بتاؤ۔

تمھیں ملتی جلتی نظر آنے والی تصویروں کے نمبر نیچے دیے ہوئے چوکون میں لکھو۔

CG - 2
C - 2.1
LO03AE48

- انفرادی اور جگل بندی گیتوں کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

جب کوئی ایک شخص تنہا ہی گیت گاتا ہے، تو اسے '**انفرادی گیت**' (سولو گیت) کہتے ہیں۔ اس کے برعکس جب دو لوگ مل کر سُر میں سُر ملا کر گاتے ہیں، تو اسے '**جگل بندی گیت**' کہتے ہیں۔

تو آؤ، آج ہم انفرادی اور جگل بندی گیت گا کر گانے کا لطف اٹھاتے ہیں۔

## انفرادی گیت :

درج ذیل گیت پڑھو اور گاؤ۔ یہ گیت تمھیں اکیلے بھی گانا آنا چاہیے۔ اس کے لیے گیت کو سن کر اس کی خوب مشق کرو۔

## خوشی کا گیت



ہر شے خوش خوش جھوم رہی تھی ٹھہری تھی یا گھوم رہی تھی
آنکھ کو بھاتا منظر سارا اچھا اچھا ، پیارا پیارا
ہر اک چیز میں جان رَچی تھی ہر سُو ایسی دھوم مچی تھی
پیڑ ، پرندہ ، گھاس جہاں ہے یہ جانو ان میں بھی جاں ہے
اللہ نے سب رُوپ سنوارے ذِمّے ہے یہ فرض ہمارے
ان کا پُورا دھیان کریں ہم نا حق مت نقصان کریں ہم
اِس قومی دولت کو بچائیں
بلکہ اِس کو اور بڑھائیں

- دستیاب وسائل کا استعمال کر کے تال اور سُر کے ساتھ انفرادی گیت گانے کی مشق کرائیں۔

بچوں کا گیت

# کچھوا اور خرگوش



ایک جنگل میں مغرور خرگوش تھا
اس کو کچھوا ملا جو کہ ذی ہوش تھا
اپنی رفتار پر تھا اسے اعتبار
اس نے کچھوے کو سمجھا نہ تھا ہوشیار



ڈالا کچھوے پہ خرگوش نے یوں دباؤ
دوڑ کی شرط منظور ہو تو بتاؤ
شرط کچھوے نے جیسے ہی منظور کی
اور خرگوش نے سوچ لی دوڑ کی

خوب دوڑا ، خوشی سے اُچھلنے لگا
کچھوا آہستہ آہستہ چلنے لگا
اب تو خرگوش سینہ سپر ہوگیا
اور کچھوا پسینے میں تر ہوگیا





جتنی ہریالی آئی نظر آس پاس
صاف کر ڈالی خرگوش نے ساری گھاس
پیٹ بھر کھاکے خرگوش تو سو گیا
کچھوا گردن ہلاتے ہوئے چل پڑا
جیت کا جشن کچھوے کے حصے میں تھا
ہار کر بازی ، خرگوش کا سر جُھکا

- طلبہ سے گیت کی تال اور سُر کے ساتھ مشق کرائیں۔

## کچھ مزید انفرادی گیت

نیچے کچھ گیتوں کی فہرست دی ہوئی ہے۔ یہ گیت تمھیں تنہا گانا آنے چاہیے۔ درج ذیل میں سے جو بھی گیت تمھیں پسند آئے، اسے سن کر گاؤ اور اس کی مشق کرو۔

۱۔ اماں باجی کہتی ہیں چاند میں پریاں رہتی ہیں
۲۔ خدا تو بڑا ہے، تجھی سے دعا ہے
۳۔ مرغا بولا ککڑوں کوں
۴۔ لکڑی کی کاٹھی، کاٹھی پہ گھوڑا
۵۔ دادی اماں، دادی اماں مان جایئے

## جگل بندی گیت

اب ہم ایک اور جگل بندی گیت سیکھیں گے۔ اِس کے لیے درج ذیل نظم/گیت پڑھو، سنو اور گاؤ۔

اک دن کسی مکھی سے یہ کہنے لگا مکڑا
اس راہ سے ہوتا ہے گزر روز تمھارا
لیکن مری کٹیا کی نہ جاگی کبھی قسمت
بھولے سے کبھی تم نے یہاں پاؤں نہ رکھا
غیروں سے نہ ملیے تو کوئی بات نہیں ہے
اپنوں سے مگر چاہیے یوں کھنچ کے نہ رہنا
آؤ جو مرے گھر میں تو عزّت ہے یہ میری
وہ سامنے سیڑھی ہے جو منظور ہو آنا
مکھی نے سنی بات جو مکڑے کی تو بولی
حضرت کسی نادان کو دیجے گا یہ دھوکا
اس جال میں مکھی کبھی آنے کی نہیں ہے
جو آپ کی سیڑھی پہ چڑھا پھر نہیں اترا
مکڑے نے کہا واہ فریبی مجھے سمجھے
تم سا کوئی نادان زمانے میں نہ ہوگا
منظور تمھاری مجھے خاطر تھی وگرنہ
کچھ فائدہ اپنا تو مرا اس میں نہیں تھا





اڑتی ہوئی آئی ہو خدا جانے کہاں سے
ٹھہرو جو مرے گھر میں تو ہے اس میں برا کیا
اس گھر میں کئی تم کو دکھانے کی ہیں چیزیں
باہر سے نظر آتا ہے چھوٹی سی یہ کٹیا
لٹکے ہوئے دروازوں پہ باریک ہیں پردے
دیواروں کو آئینوں سے ہے میں نے سجایا
مہمانوں کے آرام کو حاضر ہیں بچھونے
ہر شخص کو ساماں یہ میسر نہیں ہوتا
مکھی نے کہا خیر یہ سب ٹھیک ہے لیکن
میں آپ کے گھر آؤں یہ اُمید نہ رکھنا
ان نرم بچھونوں سے خدا مجھ کو بچائے
سو جائے کوئی ان پہ تو پھر اٹھ نہیں سکتا
مکڑے نے کہا دل میں سنی بات جو اس کی
پھانسوں اسے کس طرح یہ کم بخت ہے دانا
سو کام خوشامد سے نکلتے ہیں جہاں میں
دیکھو جسے دنیا میں خوشامد کا ہے بندا

CG - 2
C- 2.1
LO 03AE48/49

- دیے ہوئے انفرادی گیت اور جگل بندی گیت کی تال اور سُر کے ساتھ مشق کرائیں۔

## جگل بندی گیت

اب درج ذیل گیت پڑھو اور سنو۔ یہ گیت دو لوگوں نے مل کر گایا ہے، اسی لیے اسے جگل بندی گیت کہتے ہیں۔
**تو آؤ تم بھی اِس گیت کو پڑھو، سنو اور گاؤ۔**



ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا ۔۔۔ بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا
کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی ۔۔۔ اڑنے چگنے میں دن گزارا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک ۔۔۔ ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سن کر بلبل کی آہ و زاری ۔۔۔ جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے ۔۔۔ کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری ۔۔۔ میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل ۔۔۔ چمکا کے مجھے دیا بنایا
ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

CG - 2
C - 2.1
LO03AE48,49

- جگل بندی گیت سنائیں اور گانے کی تال اور سُر کے ساتھ مشق کرائیں۔

### کچھ مزید جگل بندی گیت

نیچے کچھ جگل بندی گیتوں کی فہرست دی ہوئی ہے۔ تمھیں پسند آنے والے گیتوں کو سن کر ان کی مشق کرو۔

- آؤ بچو سنو کہانی (صوفی غلام مصطفیٰ تبسم)
- ایک گائے اور بکری (علامہ اقبالؔ)

## میرا عمل

ا۔ مناسب لفظ کا استعمال کر کے جملہ مکمل کرو۔

الف) اکیلے گایا جانے والا گیت ............................................. کہلاتا ہے۔

ب) جگل بندی گیت گانے کے لیے ............................................. لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

۲۔ اپنے پسندیدہ انفرادی گیت کی مشق کر کے جماعت میں پیش کرو۔

۳۔ اپنے پسندیدہ جگل بندی گیت کی مشق کر کے پیش کرو۔

- جگل بندی گیتوں کی مشق کرائیں اور انھیں پیش کرنے کے لیے کہیں۔



# ۱۱۔ روایتی سُر



تصویریں دیکھ کر لکھو کہ ان کا تعلق کس سے ہے۔













CG - 2
C - 2.2
LO 03AE51

- تصویروں کا مشاہدہ کر کے تصویر کے نیچے نام لکھنے کے لیے کہیں۔
- تصویروں میں موجود عوامی موسیقی (لوک سنگیت) کی اقسام کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

تم نے کسانوں کے گیت سنے ہوں گے اور کبھی چکی پیستے ہوئے گائے جانے والے لوک گیت بھی سنے ہوں گے! اِسی طرح کی کئی مقامی بولیوں اور روایتوں سے لوک سنگیت جنم لیتی ہے۔ آج ہم لوک سنگیت کے ایسے ہی کچھ گیتوں کا لطف اُٹھائیں گے!

**پڑھو، سنو اور گاؤ۔**

## کسان گیت



یہ دھرتی یہ جیون ساگر یہ سنسار ہمارا ہے
امرت بادل بن کے اٹھے ہیں پربت سے ٹکرائیں گے
کھیتوں کی ہریالی بن کر چھب اپنی دکھلائیں گے
دنیا کا دکھ سکھ اپنا کر دنیا پر چھا جائیں گے
ذرہ ذرہ اس دنیا کا آج گگن کا تارا ہے
یہ دھرتی یہ جیون ساگر یہ سنسار ہمارا ہے
دکھ بندھن کٹ جائیں گے سکھ کا سندیسہ آئے گا
مٹی اب سونا اگلے گی بادل ہن برسائے گا
محنت پر ہے جس کا بھروسہ محنت کا پھل پائے گا

**یاد رکھو**: کسان گیت کے لیے خاص طور پر ڈھول، کھنجری، جھانج اور گھنگھرو جیسے ساز استعمال کیے جاتے ہیں۔

## ماہی گیروں کا گیت



اپنی ناؤ بڑھالے مانجھی ، اپنی ناؤ بڑھا لے
اُٹھتی گرتی لہروں پر تو ، اپنی ناؤ بڑھا لے
تو دریا کا راجا مانجھی ، راج ترا دریا پر
تو ہمت کا ہے متوالا دل میں ترے کیسا ڈر
ہیا ہیا بول کے تیرے ساتھی بڑھتے جائیں
تو بھی آگے بڑھ جا مانجھی، وہ بھی بڑھتے جائیں
موجوں کی کیا ہمّت ، تیری ہمت سے ٹکرائیں
سَن سَن چلتی تیز ہوائیں تجھ کو کیا دھمکائیں
اپنی ناؤ بڑھا لے مانجھی ، اپنی ناؤ بڑھا لے

**یاد رکھو** : ماہی گیروں کے گیت کے لیے خاص طور پر ڈھول، ڈھولکی، گھنگھرو، ہارمونیم اور جھانج جیسے ساز استعمال کیے جاتے ہیں۔

CG-2
C- 2.2
LO03AE
50/51

- ماہی گیروں کا گیت اور کسانوں کے گیت پر بات چیت کریں اور ان کے درمیان فرق کے بارے میں گروہ میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔

## پڑھو، سنو اور گاؤ۔

پہلے زمانے میں خاندان کی خواتین صبح سویرے اُٹھ کر چکّی پر اناج پیستی تھیں۔ اناج پیستے وقت وہ چکّی گیت (لوک گیت) گاتی تھیں۔ ان گیتوں کو چکّی کے گیت کہا جاتا ہے۔



### چکّی گیت

آؤ بہنا آؤ ، آؤ گھُمائیں چکّی
ذات خدا کی سچی ، بات خدا کی پکی
اناج پیسیں مل کر ، دانہ دانہ برکت
ہر دانے میں چھپی ہوئی ہے اپنے خدا کی قدرت
آؤ بہنا آؤ ، آؤ گھُمائیں چکّی
ذات خدا کی سچی ، بات خدا کی پکّی

### شاہیری گیت/ پوواڑا

آپ نے چھترپتی شیواجی مہاراج کے کارناموں اور بہادری کے قصے ضرور سنے ہوں گے لیکن جب ہم ان قصوں کو گیت کی شکل میں سنتے ہیں تو اس وقت کے واقعات کا منظر آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ ایسا ہی ایک پواڑا سنو اور گاؤ۔

रायरीचा रायगड झाला sss
बांधीले दुर्गेश्वराला, तटबंदी महाद्वाराला
बाजारपेठ राजसदरेला, सेवेचे ठाई तत्पर
हिरोजी इंदुलकर वर देई जगदिशेश्वर
झाली राजधानी तैयार जी s जी जी
मराठीयांच्या सिंहासनाची वाढविली ख्याती
जिजाऊ झाल्या राजमाता अन् शिवबा छत्रपती
कित्येकांच्या बलिदानाने दिन हा अवतरला
शेतकऱ्यांचा राजा शिवबा छत्रपती झाला

कवी – संतोष साळुंके



چھترپتی شیواجی مہاراج کی بہادری کے کون کون سے قصے آپ کو معلوم ہیں، اس پر گفتگو کیجیے۔

**یاد رکھو :** پوواڑا پیش کرتے وقت دف، ہارمونیم، طنطنہ اور تال جیسے ساز استعمال کیے جاتے ہیں۔

CG –4
C– 4.2
LO03AE61

- عوامی موسیقی (لوک سنگیت) کے لیے استعمال ہونے والے سازوں کا تعارف کرائیں۔
- مقامی علاقے میں پائے جانے والے لوک گیتوں کی اقسام سے واقف کرائیں۔

### بھارُوڈ

گیت کے ذریعے کوئی کہانی یا بات بتاتے ہوئے، اداکاری کے ساتھ اسے پیش کرنے میں بہت مزا آتا ہے۔ اِس طرح کے گیتوں کی قسم کو بھارُوڈ کہا جاتا ہے۔

सूर्य उगवला प्रकाश पडला आडवा डोंगर
आडवा डोंगर तयाला माझा नमस्कार
अगगगगगगं विंचू चावला
देवा रे देवा ...विंचू चावला
आता काय मी करू ... विंचू चावला

– संत एकनाथ

**یاد رکھو :** بھارُوڈ پیش کرنے کے لیے ہارمونیم، ڈھولکی، مردنگ، تال اور طنطنہ جیسے ساز بجائے جاتے ہیں۔



**یاد رکھو :**
مقامی بولیوں میں گائے جانے والے روایتی گیتوں کو 'عوامی گیت' (لوک گیت) کہتے ہیں۔

CG -3/4
C- 3.2/4.2
LO03AE
56/61

- عوامی گیتوں (لوک گیتوں) میں استعمال ہونے والے مواد سے واقف کرائیں۔
- بچوں کو مختلف قسم کے عوامی گیت گانے کا موقع دیں۔
- لوک گیت کی الگ الگ اقسام میں فرق پہچاننے کے لیے کہیں۔

## موقع جاتی گیت

سال بھر میں مختلف تہوار۔تقریب میں جو گیت پیش کیے جاتے ہیں، انھیں موقع جاتی گیت کہتے ہیں۔

### رمضان آیا

پھر آ گیا جہاں میں رمضان کا مہینہ
اللہ کے کرم اور احسان کا مہینہ
اللہ کی عنایت اور اس کی خاص رحمت
ہم کو عطا کیا ہے قرآن کا مہینہ
دی ہے ہمیں خدا نے روزے کی ایسی نعمت
اہلِ خرد سمجھتے ہیں اس کی قدر و قیمت
شیطانی حرکتوں سے رکھے ہے دور روزہ
بخشے ہے آدمی کو دل کا سرور روزہ
احکام پر خدا کے ہم کو چلائے روزہ
ہم کو فرشتوں سے بھی افضل بنائے روزہ
حکم خدا کی جس نے تعمیل کر لی بچّو
اس کی عنایتوں سے جھولی بھی بھر لی بچّو
یہ ضبط نفس کا ہے اور صبر کا مہینہ
ہم کو سکھا رہا ہے جینے کا اک قرینہ
ہیں کس قدر منور راتیں عبادتوں سے
اور عطر بار سے ہیں دن بھی ریاضتوں سے
رب نے عطا کی ہم کو افطار کی فضیلت
آئی سمجھ میں کھانے پینے کی قدر و قیمت
اے رب قبول کر لے مومن کی یہ ریاضت
اپنے نبیؐ کے صدقے میں دے دے سب کو جنّت



CG - 3
C- 3.2
LO03AE57
LO03AE58

- موقع جاتی گیتوں کی مشق کرائیں۔

## نعت



نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے
وہ حق کی باتیں بتانے والے
وہ سیدھا رستہ دکھانے والے
وہ راہبر ، رہنما ہمارے
نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے
درود اُنؐ پر ، سلام اُنؐ پر
بلند نبیوں میں نام اُنؐ کا
فلک سے اونچا مقام اُنؐ کا
ہمارے ہادیؐ ، خدا کے پیارے
نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے
درود اُنؐ پر ، سلام اُنؐ پر

## دیوالی گیت



ہر اک مکاں میں جلا پھر دِیا دِوالی کا
ہر اک طرف کو اُجالا ہوا دِوالی کا
سبھی کے دل میں سماں بھا گیا دِوالی کا
کسی کے دل کو مزا خوش لگا دِوالی کا
عجب بہار کا ہے دن بنا دِوالی کا
جہاں میں یارو عجب طرح کا ہے یہ تیوہار
ہر اک دکاں میں چراغوں کی ہو رہی ہے بہار
سبھوں کو فکر ہے اب جا بجا دِوالی کا
مٹھائیوں کی دکانیں لگا کے حلوائی
پکارتے ہیں کہ لالہ دِوالی ہے آئی
بتاشے لے کوئی برفی کسی نے تلوائی
کھلونے والوں کی ان سے زیادہ بن آئی
گویا انھوں کے واں راج آ گیا دِوالی کا

CG -3
C- 3.2
LO03AE57
LO03AE58

- موقع جاتی گیتوں کی تال اور سُر کے ساتھ مشق کرائیں۔

# میرا عمل

۱۔ سبق میں آئے ہوئے عوامی گیت (لوک گیت) کی قسموں کے نام لکھو۔




۲۔ نیچے دی ہوئی تصویروں کے ساز لوک سنگیت کی کون سی اقسام کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں، لکھو۔







-------------  -------------  -------------







-------------  -------------  -------------

۳۔ گاؤں یا آس پاس کے علاقے میں گائے جانے والے لوک گیتوں کے بارے میں اپنے بڑے بزرگوں سے معلومات حاصل کر کے ان کی فہرست تیار کرو۔



# ۱۲۔ سُروں سے دوستی



نیچے دی ہوئی تصویریں دیکھو۔








تصویروں میں موجود آوازوں کو سمجھو اور ان آوازوں کی جماعت بندی کرو۔

| قدرتی آوازیں | انسان کی بنائی ہوئی آوازیں |
|---|---|
| ۱۔ .................................... | ۱۔ .................................... |
| ۲۔ .................................... | ۲۔ .................................... |
| ۳۔ .................................... | ۳۔ .................................... |

اوپر دی ہوئی آوازوں کے علاوہ اور بھی قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی آوازیں جو تمھیں معلوم ہیں وہ لکھو۔

**یاد رکھو :**

قدرت کے مختلف عناصر سے پیدا ہونے والی آوازوں کو قدرتی آواز کہتے ہیں۔

چیزوں سے نکلنے والی آوازوں کو انسان کی بنائی ہوئی آواز کہتے ہیں۔

## آؤ غور کریں۔

| قدرتی آوازیں | انسان کی بنائی ہوئی آوازیں |
|---|---|
| ۱۔ .................................... | ۱۔ .................................... |
| ۲۔ .................................... | ۲۔ .................................... |
| ۳۔ .................................... | ۳۔ .................................... |

## آؤ آوازوں کی نقل کریں!

سنی ہوئی آوازوں کی اپنے دوستوں کے سامنے نقل کر کے دکھاؤ۔

CG - 3
C - 3.1
LO03AE54/55
/59

- قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی آوازوں کے درمیان فرق سمجھا کر بتائیں۔
- مختلف قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی آوازوں کی نقل اُتارنے کا موقع دیں۔

مفت تقسیم کے لیے





اوپر دی ہوئی تصویروں میں آپ کو کیا نظر آ رہا ہے؟
گانے کے لیے ساز (موسیقی کے آلات) کی ضرورت ہوتی ہے، اسی طرح رقص کے لیے گلوکار اور ساز نواز دونوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

**یاد رکھو :**
گانا، ساز نوازی (بجانا) اور رقص ان تینوں فنون کے مجموعے کو 'موسیقی' (سنگیت) کہتے ہیں۔

## آروہ - اوروہ

**نیچے دی ہوئی تصویر کا مشاہدہ کرو اور اس پر گروہ میں بات چیت کرو۔**




**یاد رکھو:**
- چڑھتی ہوئی ترتیب میں سُر گانے کے عمل کو 'آروہ' کہتے ہیں۔ جیسے: سا رے گا ما پا دھا نی سا۔
- اُترتی ترتیب میں سُر گانے کے عمل کو 'اوروہ' کہتے ہیں۔ جیسے: سا نی دھا پا ما گا رے سا۔

CG -2
C - 2.2
LO03AE52

- دستیاب وسائل کی مدد سے آروہ اور اوروہ کی مشق کرائیں۔



## تصویریں دیکھو اور مشاہدہ کرو۔

تصویر میں موجود ہاروں میں کیا کیا فرق نظر آ رہا ہے؟ اس پر گروہ میں تبادلہ خیال کریں۔

## سات سُر

موسیقی میں سات سُر ہوتے ہیں۔ کیا ان سُروں کی ترتیب الگ الگ طریقوں سے کی جا سکتی ہے؟ اس پر غور کرو۔

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سا | رے | گ | مَ | پ | دَھ | نِ |

### کیا آپ جانتے ہیں؟

- سات سُروں کے مجموعے کو 'سپتک' کہتے ہیں۔
- سپتک کی تین اقسام ہیں: دھیما، درمیانہ اور اونچا۔
- اوپر کا 'سا' شامل کیے بغیر سپتک مکمل نہیں ہوتا۔

| | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آروہ – | سا | رے | گ | مَ | پ | دَھ | نِ | ساں |

| | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوروہ – | ساں | نِ | دَھ | پ | مَ | گ | رے | سا |

CG -2
C - 2.1
LO03AE53/56

- آروہ، اوروہ اور النکار کی مشق کرائیں۔

نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو پُر کر کے سُروں کی ترتیب مکمل کرو۔

| ۱ | ۱ | ۲ | ۲ | ۳ | ۳ | ۴ | ۴ | ۵ | ۵ | ۶ | ۶ | ۷ | ۷ | ۸ | ۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سا | | رے | | گ | | مَ | | پ | | دَھ | | نِ | | ساں | |

| ۸ | ۸ | ۷ | ۷ | ۶ | ۶ | ۵ | ۵ | ۴ | ۴ | ۳ | ۳ | ۲ | ۲ | ۱ | ۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساں | | نِ | | دَھ | | پ | | مَ | | گ | | رے | | سا | |

## آؤ یہ کر کے دیکھیں۔

نیچے دی ہوئی سُروں کی ترتیب کو مکمل کرو اور گانے کی مشق کرو۔

سا رے رے گ

ساں نِ نِ دَھ

**یاد رکھو :** سُروں کی ترتیب وار اور دل کش بناوٹ کو 'النکار' کہتے ہیں۔

## سازوں کا تعارف


ہارمونیم


طبلہ


بانسری


پکھاوج


گٹار


ڈھول


تُتاری


سمبل

CG - 2
C -2.2
LO03AE53

- تالی کی مدد سے النکار کی تال اور سُر کے ساتھ مشق کرائیں۔

**تصویروں کا مشاہدہ کر کے بجانے کے طریقے کے مطابق ان کی جماعت بندی کیجیے۔**

۱۔ ہاتھ سے بجائے جانے والے ساز : ..........................................

۲۔ منہ سے پھونک کر بجائے جانے والے ساز : ..........................................

۳۔ تاروں کی مدد سے بجائے جانے والے ساز : ..........................................

## میرا عمل

۱۔ نیچے دیے ہوئے خالی چوکون میں ترتیب کے مطابق آنے والے سُر لکھو۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سا | | گَ | مَ | | دَھ | |

۲۔ اسکول آتے وقت کون کون سی قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی آوازیں سنائی دیتی ہیں؟

| قدرتی آوازیں | انسان کی بنائی ہوئی آوازیں |
|---|---|
| ۱۔ .................... | ۱۔ .................... |
| ۲۔ .................... | ۲۔ .................... |
| ۳۔ .................... | ۳۔ .................... |


رقص

# ۱۳۔ رقص، میری خوشی

پیارے بچو، جب ہمیں بہت زیادہ خوشی ہوتی ہے تو ہم خوشی سے تالیاں بجاتے ہیں، اُچھل کوُد کرتے ہیں اور کبھی کبھی تو خوشی سے ناچنے بھی لگتے ہیں۔ اس سے پہلے بھی تم نے کبھی نہ کبھی کسی گانے پر رقص ضرور کیا ہوگا۔ تو آؤ، اب ہم ایک خوبصورت رقص کرنا سیکھیں گے۔ آؤ شروع کرتے ہیں رقص کا یہ پُرمسرّت سفر!

رقص کا مطلب ہے جذبات اور موسیقی کے سہارے کی جانے والی ہاتھوں، پیروں اور پورے جسم کی لے دار اور خوبصورت حرکات۔

تصویر میں دیے ہوئے عمل کا مشاہدہ کرکے ان میں دکھائی ہوئی حرکات کو ایک کے بعد ایک کرکے دیکھتے ہیں۔ یہ عمل ہر ایک کو تال کے ساتھ کرنا ہے۔



۱۔ نیچے اور اوپر تالیاں بجانا۔



۲۔ تالی بجا کر قدم آگے بڑھانا۔
تالی بجا کر قدم پیچھے ہٹانا۔



۳۔ دائیں اور بائیں جانب تالیاں بجانا۔

## آؤ رقص کریں!

اوپر تصویر میں دی ہوئی حرکات کا استعمال کرکے اپنے پسندیدہ گانے پر رقص پیش کرو۔ ان حرکات کے ساتھ ساتھ اپنی پسند کے مطابق اُچھل کود اور دیگر آسان حرکات کو بھی اس میں شامل کرو۔

- دی ہوئی حرکات کا مشاہدہ کر کے طلبہ کو اپنی پسندیدہ موسیقی پر ان کی عملی مشق کرنے کی ترغیب دیں۔ پسندیدہ سرگرمیوں کے علاوہ دوسری آسان حرکات بھی کرائیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر طالب علم اس سرگرمی میں حصہ لے۔

CG - 1
C - 1.1
LO 03AE62

# آؤ دیکھیں ! سیکھیں ! رقص کریں !







دی ہوئی ہر حرکت کا مشاہدہ کر کے رقص کی ہر حرکت کو دائیں اور بائیں دونوں جانب دہراؤ۔
آؤ اب اس رقص کی مشق کرتے ہیں۔

CG - 1
C - 1.1
LO 03AE62

• رقص کی مشق کے ساتھ ساتھ اسے پیش کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## آؤ سب مل کر رقص کریں۔

سب ایک ساتھ مل کر رقص کرنے سے خوشی اور توانائی سے بھرپور ماحول بنتا ہے۔ تصویر میں دی ہوئی سرگرمیوں کا مشاہدہ کرو اور اس کے مطابق ایک کے بعد ایک سرگرمی کرکے دیکھو۔

### دوستوں کے ساتھ دائرے میں گھومو



### تالی بجاؤ، سامنے والے کو تالی دو۔



### پھگڑی کھیلو!



### تالی بجاؤ، دو قدم آگے بڑھو۔
### تالی بجاؤ، دو قدم پیچھے آؤ۔



### ناؤ چلانے کی اداکاری کرو۔



### ایک گروہ تالیاں بجائے، ایک گروہ پیر پٹکے۔



## آؤ رقص کریں!

اب ہم نے کافی مشق کر لی ہے تو اوپر تصویروں میں دیے ہوئے عمل کا استعمال کرکے اپنے پسندیدہ گانے پر رقص پیش کرو۔

CG - 1
C - 1.2
LO 03AE63

- دی ہوئی حرکات کا مشاہدہ کرکے پسندیدہ موسیقی پر ان کی عملی مشق کرنے کے لیے ترغیب دیں۔

## آؤ یہ کر کے دیکھیں۔



سب ایک قطار میں کھڑے ہو جاؤ۔ اپنے دائیں جانب مڑ کر اپنے دونوں ہاتھ سامنے موجود دوست/سہیلی کے کندھوں پر رکھو۔ سب سے آگے موجود دوست کی طرح چلو اور اس کی حرکات و سکنات کی نقل کرو۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| آگے | پیچھے | آگے | پیچھے | آگے | پیچھے |

اب ۴ تا ۶ طلبہ کا ایک گروہ تیار کرتے ہیں۔ گروہ کے تمام بچے ایک قطار میں کھڑے ہو جائیں۔ ۱، ۳، ۵ نمبر پر کھڑے بچے پہلے آگے کی طرف کودیں اور پھر پیچھے جائیں۔ ۲، ۴، ۶ نمبر پر کھڑے بچے پہلے پیچھے جائیں اور پھر آگے کی طرف کودیں۔ دیکھو، تم سب دوبارہ ایک قطار میں آ گئے ہوں گے۔ اب اس کی مشق کرو۔ اب اچھی طرح مشق ہو جانے کے بعد، اپنے پسندیدہ گانے پر ان حرکات کا استعمال کرتے ہوئے رقص پیش کرو۔

CG - 1
C - 1.2
LO 03AE63

- دی ہوئی حرکات کا مشاہدہ کر کے پسندیدہ موسیقی پر ان کی عملی مشق کرنے کے لیے ترغیب دیں۔
- جماعت کے طلبہ کی تعداد کو مدِنظر رکھتے ہوئے چار یا چھ بچوں کے گروہ بنا کر مذکورہ عمل کرائیں۔

## آؤ رقص کی تصویر چسپاں کریں

اخبار یا رسالوں میں آئی ہوئی اجتماعی رقص کی تصویر یا اسکول کے کسی پروگرام میں آپ کی طرف سے پیش کیے ہوئے اجتماعی رقص کی تصویر اپنی بیاض میں چپکاؤ۔

**یاد رکھو :**

جب بہت سے بچے یا فنکار ایک ساتھ مل کر رقص کرتے ہیں تو اسے 'اجتماعی رقص' کہتے ہیں۔

## آؤ کھیلیں کھیل – لیڈر پہچانو۔

اب ہم سب مل کر ایک کھیل کھیلیں گے۔ اس کے لیے تمام بچے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ کوئی ایک طالب علم داؤں دے گا۔ اسے تھوڑی دیر کے لیے الگ ہٹا کر دائرے میں موجود تمام بچے مل کر اپنا ایک 'لیڈر' طے کریں۔ لیڈر جس طرح کی حرکت یا عمل کرے گا، باقی تمام بچے بھی اس کی ہی طرح نقل کریں گے۔ لیڈر غیر محسوس طریقے سے، بغیر بتائے اپنی حرکات بدلتا رہے۔ جو بچہ داؤں دے رہا ہے، اس سے یہ توقع ہے کہ وہ گروہ کے لیڈر کو پہچانے۔ اگر وہ لیڈر کو پہچان لیتا ہے، تو اب اگلا داؤں اس لیڈر کا ہوگا۔ اس طرح کھیل کو آگے جاری رکھا جائے۔



## میرا عمل

اب تک سیکھی ہوئی رقص کی تمام حرکات کو اپنے تخیل کے مطابق یکجا کر کے اپنی پسند کے گانے پر رقص تیار کر کے پیش کرو۔

- طلبہ کو اخبارات اور رسائل کا مشاہدہ کرنے کی ہدایت دیں اور ان میں موجود اجتماعی رقص کی تصویریں شناخت کر کے اپنی بیاض میں چسپاں کرنے کو کہیں۔
- 'لیڈر پہچانو' کھیل جماعت میں کھیلنے کے لیے کہیں۔
- سیکھی ہوئی رقص کی تمام حرکات کا ایک ساتھ استعمال کر کے پیشکش کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

CG □ 1
C □ 1.2
LO 03AE63

# ۱۴۔ رقص سے بھرپور زندگی

روزمرہ زندگی میں ہم مختلف کام کرنے کے لیے اپنے ہاتھوں کا استعمال الگ الگ طریقوں سے کرتے ہیں۔ ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور اُنگلیوں کا استعمال خوبصورت اور رقص کے انداز میں حرکات کرنے کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔ آؤ، ہاتھوں کی ایسی ہی رقص آمیز حرکات سے واقف ہوتے ہیں۔

## اپنے ہاتھ کی انگلیوں کو پہچانو۔




## آؤ، تصور کریں !

اپنی ہتھیلی کو الگ الگ طریقوں سے رکھ کر دیکھو۔ مثلاً ہتھیلی آسمان کی طرف ہے یا ہتھیلی نیچے کی سمت ہے۔ اسی طرح ہاتھ کی انگلیوں اور ہاتھوں کے ذریعے کون کون سی حرکات کی جا سکتی ہیں، اس پر جماعت میں بات چیت کرو۔

اپنی ہتھیلی اور انگلیوں کو مختلف طریقوں سے موڑ کر الگ الگ جانوروں یا پرندوں کی شکلیں بنانے کی کوشش کرو۔ (مثلاً: مور، طوطا، ہرن، شیر، مچھلی وغیرہ۔)

## آؤ ہست مدرا (ہاتھوں کے اشاروں) کا استعمال سمجھیں !

رقص میں ہاتھوں کا استعمال کر کے مختلف عمل یا چیزیں دکھائی جاتی ہیں، انھیں 'ہست مدرا' (ہاتھوں کے اشارے) کہا جاتا ہے۔

اگلے صفحے پر دی ہوئی ہست مدراؤں کا مشاہدہ کرو۔ روزمرہ زندگی میں ان اشاروں کا اور کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، اس پر جماعت میں بات چیت کر کے لکھو۔

- دی ہوئی ہست مدراؤں کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔ ان کی عملی مشق کرائیں اور قوتِ تخیل کا استعمال کر کے روزمرہ زندگی میں ان مدراؤں کا کس طرح استعمال ہوتا ہے، اس پر جماعت میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔

CG – 2,
C –2.1,
LO 03AE64

## ۱۔ پتاک ھست (انگوٹھا موڑ کر ہتھیلی سے اشارہ)




------------------

------------------

------------------

------------------

## ۲۔ ہنسا سیہ ہست (ہنس کی چونچ جیسا اشارہ)




------------------

------------------

------------------

------------------

------------------

## ۳۔ مشت ہست




------------------

------------------

------------------

------------------

------------------

- دی ہوئی ہست مدراؤں کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔ ان کی عملی مشق کرائیں اور آگے قوتِ تخیل کا استعمال کر کے روزمرہ زندگی میں ان ہاتھوں کا کیا استعمال ہوتا ہے، اس کے بارے میں پوچھیں۔

CG – 2,
C –2.1,
LO 03AE64

اگر قدرت کے مختلف عناصر کی حرکات کو دیکھا جائے تو ان حرکات کو رقص کے خوبصورت انداز (پوزیشن) میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً: ہوا سے درخت کا جھومنا، ندی کا بہنا، مچھلی کا تیرنا وغیرہ۔ قدرت کے ان مختلف عناصر اور ان کی حرکات کا مشاہدہ کرو۔



بارش



ندی



تیرتی ہوئی مچھلی



پھول



اُڑتا ہوا پرندہ



جھومتا ہوا درخت

اوپر دی ہوئی تصویروں میں قدرتی عناصر کو دیکھو! ان عناصر کی حرکات کا تصور کرو۔ اب ان حرکات کو رقص کے لیے کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، اس کا خیال کرتے ہوئے ان حرکات کو تال کے ساتھ عملی طور پر کر کے دیکھو۔

CG – 4,
C –4.1,
LO 03AE70

- قدرت کے مختلف عناصر کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں اور اس کے مطابق حرکات کی نقل کرنے کے لیے کہیں۔

## پرچی میں کیا لکھا ہے؟

اب ہم ایک اچھا سا کھیل کھیلیں گے۔ اس کے لیے ہم کچھ بچوں کے گروہ بنائیں گے۔ اب گروہ میں جتنے دوست/سہیلیاں ہیں، اتنی ہی فطرت کے مختلف عناصر کی حرکات لکھی ہوئی پرچیاں تیار کرو۔ کوئی ایک بچہ پرچیوں کو کٹورے میں ڈال دے۔ گروہ کا ہر بچہ ایک ایک پرچی اُٹھائے۔

آپ نے جو پرچی اُٹھائی ہے، اس میں فطرت کا جو بھی جز لکھا ہو، اسے سمجھ کر اس جز کی حرکت کو اپنے تصوّر کے مطابق رقص کی شکل میں پیش کرو۔

## ناچیں گائیں قدرت کے ساتھ

بہت خوب! اب تک ہم نے فطرت کے مختلف اجزا کی خوبصورت حرکات کو کر کے دیکھا۔ ہم نے بہترین طریقے سے ان کی مشق بھی کی ہے۔

تو آؤ، اب ہم قدرت پر مبنی ایک گیت پر رقص کر کے دیکھتے ہیں۔

فطری مناظر سے متعلق اگلا گیت پڑھو۔ دیے ہوئے رقص کی گروہ میں مشق کر کے جماعت میں پیش کرو۔



CG – 4,
C –4.1,
LO 03AE70

- فطرت کے اجزا سے متعلق حرکات کی پرچیاں تیار کر کے دی ہوئی ہدایات کے مطابق کھیل کِھلائیں۔



## چہک چہک کر پنچھی بولیں

چہک چہک کر پنچھی بولیں
جھر جھر جھر جھر جھرنے بہتے
پتّے پتّے کلیاں کھلتے
تتلیاں اوپر اُڑتی پھرتیں
خواب میں آئی بات نرالی
ایک نگر میں نے دیکھا، بھائی!
اس بستی کی ریت نرالی
بچوں کی وہاں آبادی ساری
کوئی نہ بڑا، کوئی نہ چھوٹا،
کوئی نہ بیٹھے تنہا روٹھا
سب ہنستے، گاتے، لہراتے،
دکھی کوئی نظر نہ آتے
خواب میں آئی بات نرالی،
ایک نگر میں نے دیکھا، بھائی

## میرا عمل

اپنی پسند کا کوئی فطرت سے متعلق گیت یا بچوں کا گیت منتخب کرو۔ منتخب گیت پر گروپ کی صورت میں اپنی تخلیقی صلاحیت کے ساتھ رقص پیش کرو۔

CG – 4,
C –4.1,
LO 03AE70

- استاد جماعت میں رقص کا عملی مظاہرہ پیش کریں۔ بچوں کی رقص آمیز حرکات کا مشاہدہ کرنے، ان کی مشق کرانے اور پیشکش کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

# ۱۵۔ رقص کے ساتھی



ہم رقص کرتے وقت موسیقی کا استعمال کرتے ہیں۔موسیقی میں گانے کے ساتھ ساتھ لَے اور تال بھی شامل ہوتے ہیں۔ موسیقی کی طرح ہی رقص کے لیے بھی لَے اور تال بہت اہم ہوتے ہیں۔

آؤ، اب ہم لَے اور تال کے بارے میں جانتے ہیں۔

ہماری روزمرہ زندگی اور ساتھ ہی فطرت میں بھی لَے موجود ہے۔گھڑی میں تین سوئیاں ہوتی ہیں ؛ گھنٹے کی سوئی، منٹ کی سوئی اور سیکنڈ کی سوئی۔ گھنٹے کی سوئی دھیمی رفتار سے، منٹ کی سوئی درمیانی رفتار سے اور سیکنڈ کی سوئی تیز رفتار سے گھومتی ہے۔اس رفتار کو ہی لَے کہتے ہیں۔گھڑی کی ٹک ٹک کے درمیان کا یکساں وقفہ لَے ہے۔لَے سے مراد رفتار یا وقفہ ہے۔ لَے کی تین قسمیں ہیں۔

## لَے

۱۔ دھیمی لَے - آہستہ رفتار

۲۔ متوسط لَے - درمیانی رفتار

۳۔ تیز لَے۔ تیز رفتار



تیز لَے۔ تیز رفتار  متوسط لَے - درمیانی رفتار  دھیمی لَے - آہستہ رفتار

- لَے کے اس تصور کو الگ الگ مثالوں کے ذریعے سمجھائیں۔
- لَے کی سرگرمی کو انفرادی طور پر یا گروہ میں سمجھائیں۔

CG - 2
C - 2.2
LO 03AE65

## لَے کا لطف!

آؤ اِن تینوں لے سے متعلق عمل کرتے ہیں۔

### ۱۔ دھیمی لَے ۔ آہستہ رفتار

۱ سے ۴ تک گنتی ترتیب وار بولو۔ صرف ۱ بولتے وقت تالی بجاؤ۔

۱۔


۲۔ X

۳۔ X

۴۔ X

### ۲۔ متوسط لَے ۔ درمیانی رفتار

۱ سے ۴ تک گنتی ترتیب وار بولو۔ اب ۱ اور ۳ بولتے وقت تالی بجاؤ۔

۱۔


۲۔ X

۳۔


۴۔ X

### ۳۔ تیز لے ۔ تیز رفتار

۱ سے ۴ تک گنتی ترتیب وار بولو۔ ۱، ۲، ۳ اور ۴ ہر ایک ہندسہ بولتے وقت تالی بجاؤ۔

۱۔


۲۔


۳۔


۴۔


تصویر میں دکھائے ہوئے طریقے کے مطابق الگ الگ لے میں تالیاں بجاؤ۔

اب ان تینوں رفتاروں میں سے کسی ایک رفتار کا انتخاب کرو اور اس کے مطابق ہاتھوں کی سادہ، رقص نما حرکات کرو۔ اس کے بعد رفتار تبدیل کر کے وہی حرکات مختلف لے میں کر کے دیکھو۔ جیسے ہاتھوں کو پنکھے کی طرح ہلانا، چٹکی بجانا۔

CG - 2
C - 2.2
LO 03AE65

- طلبہ کو مذکورہ بالا سرگرمی کا مشاہدہ کرنے، نقل کرنے اور مشق کرنے کی ترغیب دیں۔

## تال

تال سے مراد ہے گانے یا بجانے کو دی ہوئی وقت کی ایک حد (چوکھٹ)۔ تال کو ٹھیکے سے ناپا جاتا ہے۔ مثلاً: کیہروا تال– ماترا: ۸؛ بول : دھا - گے - نا - تی - نا - ک - دھی - نا

### لے اور تال کا لطف !

کیہروا تال کو دھیمی، درمیانی اور تیز ان تینوں لے کا استعمال کر کے ادا کر کے دیکھو۔ تال کا ہر لفظ بولتے وقت دونوں ہاتھوں سے تالی بجاؤ یا ایک پاؤں زمین پر مار کر ٹھیکا دو۔

### تال کیہروا کا عمل

اب یہ کیہروا تال ہم گروہ میں ایک طے شدہ لے کے ساتھ گائیں گے۔ اس کے لیے اس بول کے آٹھ حرفوں کی خاطر آٹھ دوستوں/سہیلیوں کا ایک گروہ بناؤ۔ ہر ایک کو ترتیب وار ایک ایک حرف بانٹو۔

تال کے بول کے مطابق، اپنے حصے میں آنے والے حرف کو اپنی پسندیدہ رفتار میں بولو۔ ایسا کرتے ہوئے تمام بچے طے شدہ رفتار میں بولنے کی مشق کریں۔

آؤ تال کہیروا کو ایک اور طریقے سے دہرا کر دیکھتے ہیں۔




- بچوں سے کیہروا تال کو مختلف لے میں دہرانے کی مشق کرائیں۔
- اس بات کا مشاہدہ کریں کہ تال کے حروف کو صحیح تلفظ میں ادا کرنا اور تالی بجانا یا پاؤں زمین پر مارنا، یہ دونوں عمل ایک ساتھ ہو رہے ہیں یا نہیں۔ ساتھ ہی اس بات پر بھی توجہ دیں کہ ہر بول ایک کے بعد ایک، ایک ہی لے میں بولا جا رہا ہے۔

CG - 2
C - 2.2
LO 03AE65

## ساز

آؤ رقص کے لیے استعمال ہونے والے مختلف سازوں سے واقف ہوتے ہیں!

دیے ہوئے سازوں کی تصویریں دیکھو۔ ان کی آواز سنو اور یہ کس رقص کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں، اس پر گروہ میں بات چیت کرو۔



طبلہ



گھنگھرو



لیزم



دف



مردنگ



جھانجھ (ٹال)



ڈھولکی



ہارمونیم

- سازوں کی تصویریں دیکھ کر ان کی آواز اور رقص میں ان کے استعمال پر جماعت میں بات چیت کریں۔
- رقص کی مختلف اقسام کے بارے میں معلومات فراہم کر کے یہ بتائیں کہ ان میں کون سے ساز استعمال کیے جاتے ہیں۔

CG - 3
C - 3.1
LO 03AE66

## آس پاس کے ساز

اپنے آس پاس دیکھے ہوئے سازوں کے ناموں کی فہرست تیار کرو۔

........................ ........................

........................ ........................

........................ ........................

## آؤ تصویر بنائیں!

جن سازوں کو تم جانتے ہو، ان کی بناوٹ کو سمجھ کر ان کی تصویر بناؤ۔

## تصویر میں دیے ہوئے سازوں کی ان کے ناموں کے ساتھ جوڑیاں بناؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| طبلہ |  | بانسری |
| مردنگ | | جھانجھ (ٹال) |
| ڈھول | | لیزم |
| ڈھولکی | | ہارمونیم |
| تاشا | | گھنگھرو |

**یاد رکھو:**

رقص کرتے وقت ہم حرکات وسکنات، تاثرات اور تال کا استعمال کرتے ہیں۔ اس سے ہماری تخلیقی صلاحیت اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔

CG - 3
C - 3.1
LO 03AE66

- سازوں کی بناوٹ کو سمجھ کر آسان طریقے سے تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔
- تصویر میں موجود سازوں کو پہچاننے کے لیے کہیں اور ناموں کی تصویروں سے جوڑیاں بنانے کے لیے کہیں۔

## لباس

ہم سب مختلف قسم کے لباس پہنتے ہیں۔ مہاراشٹر کی خواتین اور مرد مختلف قسم کے لباس پہن کر تہوار۔تقریب میں رقص کرتے ہیں۔

**تصویر میں موجود لباس دیکھ کر رقص کی قسم پہچانو۔ اس کے بارے میں دو سے تین جملے لکھو۔**



رقص کا نام۔



رقص کا نام۔

## میرا عمل

ا۔ اپنے آس پاس کے مقامی رقص کا مشاہدہ کرو اور اس میں استعمال ہونے والے لباس، ضروری سامان اور موسیقی کے آلات کی فہرست بناؤ۔

| رقص کی قسم | لباس | سامان | ساز |
| --- | --- | --- | --- |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |

- آس پاس پائے جانے والے سازوں پر بات چیت کریں اور دیکھے ہوئے سازوں کے ناموں کی فہرست تیار کرنے کے لیے کہیں۔
- مقامی رقص کی قسم دیکھ کر اس کے لباس کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں اور اس کے لیے درکار سامان اور سازوں کی فہرست تیار کرنے کے لیے کہیں۔

CG - 3
C - 3.1
LO 03AE67/68

# ۱۶۔ فن اور ثقافت

اپنے علاقے کے مقامی تہوار- تقریب اور روایتوں میں ہمارے فنون کی ثقافت نظر آتی ہے۔
ہم مختلف تہوار اور تقریبات مناتے ہیں اور ان میں دلچسپی کے ساتھ حصہ لیتے ہیں۔ نیچے کچھ تہواروں اور تقریبات کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔ انھیں دیکھو اور اپنے دوستوں کو بتاؤ کہ ان میں سے کون سے تہوار اور تقریبات تم مناتے ہو۔
اسی طرح اپنے علاقے میں منائے جانے والے دیگر تہوار- تقریب کی تفصیل اپنے گروہ یا جماعت میں بیان کرو۔

## علاقے کے تہوار- تقریب














- علاقے میں منائے جانے والے تہوار- تقریب کا مشاہدہ کرنے میں رہنمائی کریں۔
- گروہ میں تہوار- تقریب کی تفصیل بیان کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔
- تمام بچوں کو موقع فراہم کریں۔

CG -4
C- 2
LO 03AE24

ہماری ثقافت اور فن کا تعلق آس پاس کے ماحول سے ہوتا ہے۔ ہر علاقے کی جغرافیائی ساخت کے اعتبار سے تہواروں اور روایتوں میں تھوڑا بہت فرق آ جاتا ہے۔ جیسے 'بیل پولا' کا تہوار کچھ علاقوں میں 'بیندور' کے نام سے، کچھ علاقوں میں 'شراون پولا' اور کچھ علاقوں میں 'بھادر پد پولا' کے نام سے مشہور ہے۔

درج ذیل سوالوں پر اپنی جماعت کے دوستوں اور استاد کے ساتھ بات چیت کرو۔

تمھارے علاقے میں کون کون سے تہوار- تقریب منائے جاتے ہیں؟

ان تہوار- تقریب کی کون سی روایتیں تمھیں پسند ہیں؟

کیا آپ کے رشتے داروں کے گاؤں میں یہ تہوار- تقریب کچھ الگ طریقے سے منائے جاتے ہیں؟

## تہوار- تقریب کے گیت اور رقص

ہماری ریاست میں بہت سے خوبصورت تہوار منائے جاتے ہیں۔ تہواروں میں لوگ جمع ہوتے ہیں، گیت گاتے ہیں، رقص کرتے ہیں اور خوشی خوشی تہوار مناتے ہیں۔ تہواروں سے ہمیں خوشی ملتی ہے۔ ان تہوار- تقریب کے ذریعے ہماری یکجہتی اور ثقافت کی پہچان ہوتی ہے۔ تہوار- تقریب میں اجتماعی طور پر گیت گا کر رقص کیا جاتا ہے۔



گنیش اتسو



ناگ پنچمی



ہولی



میلہ/ جاترا

اس کے علاوہ آپ کے علاقے میں کون کون سے موقعوں پر روایتی گیت گا کر رقص کیا جاتا ہے، اس کی فہرست بناؤ۔

CG -
C-
LO-03AE61/71

- علاقے میں منائے جانے والے تہوار- تقریب کے بارے میں گفتگو کرنے کے لیے کہیں۔
- علاقے میں کون سے تہوار گیت گا کر اور رقص کے ساتھ منائے جاتے ہیں، اس پر گفتگو کرنے کے لیے کہیں۔

## مقامی فنون اور فنکار

جس طرح جغرافیائی علاقوں کے لحاظ سے تہوار - تقریب منانے کے طریقوں میں تبدیلی آتی ہے، بالکل اسی طرح مختلف جغرافیائی علاقوں کے اعتبار سے فنون کی اقسام بھی بدلتی جاتی ہیں۔

نیچے فنون کی کچھ اقسام اور فنکاروں کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔ تمھارے علاقے میں ان میں سے جو بھی فن پیش کیا جاتا ہے، اس پر صحیح کا نشان لگاؤ۔



☐ مصوری – مصور



☐ سازنوازی – سازندے



☐ پوواڑا (رزمیہ گیت) – شاعر



☐ بھارُوڈ – بھارُوڈ کار

CG -4
C- 4.1,04.2
LO - 03AE
42/60/61

- فنون کی مختلف اقسام اور ان سے وابستہ فنکاروں کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔
- علاقے کے دیگر فنون اور ان سے وابستہ فنکاروں کے بارے میں گفتگو کرنے کے لیے کہیں۔

اِس کے علاوہ آپ کے علاقے میں پائے جانے والے دیگر فنون اور ان سے وابستہ فنکاروں کی فہرست تیار کرو۔

| فن کی قسم | فن کار |
|---|---|
| .................... | .................... |
| .................... | .................... |
| .................... | .................... |
| .................... | .................... |
| .................... | .................... |

## مقامی فنکار سے گفتگو

ہمارے علاقے میں کئی طرح کے مقامی فنون پائے جاتے ہیں۔ مثلاً: رقص، موسیقی، مصوری، سنگ تراشی (مجسمہ سازی)۔ یہ فن پیش کرنے والے شخص کو فنکار کہتے ہیں۔ فنکار اپنے فن کے ذریعے لوگوں کی تفریح کرتے ہیں اور ثقافت کو زندہ رکھتے ہیں۔ اپنے علاقے کے فنکار کی کارکردگی کو غور سے دیکھو۔ اس فنکار سے گفتگو کرنے کے لیے نیچے دیے ہوئے سوالوں کی مدد لو۔ تم اپنی پسند کے مطابق کچھ مزید سوالات بھی پوچھ سکتے ہو۔

۱۔ آپ کا نام کیا ہے؟
۲۔ آپ کے گھر میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟
۳۔ آپ نے یہ فن کیسے سیکھا؟
۴۔ یہ فن آپ کو کس نے سکھایا؟
۵۔ آپ کتنے سالوں سے یہ فن پیش کر رہے ہیں؟
۶۔ کیا آپ کے گھر میں کسی اور نے بھی یہ فن سیکھا ہے؟
۷۔ اِس فن کو پیش کرنے کے لیے کون کون سے سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟
۸۔ اِس فن کو پیش کرنے کے لیے آپ کو کس کس کی مدد کی ضرورت پیش آتی ہے؟
۹۔ اِس فن کے شعبے میں آپ کس کو اپنی مثالی شخصیت مانتے ہیں؟
۱۰۔ ہمیں یہ فن سیکھنے کا موقع کیسے مل سکتا ہے؟

فنکاروں سے سوالنامے کے ذریعے کی گئی اِس گفتگو کو سوال و جواب کی شکل میں لکھو اور اپنے استاد کو دکھاؤ۔

- علاقے کے فنون اور فنکاروں کی فہرست تیار کرنے کے لیے کہیں۔
- مقامی فنکار کے کام کی جگہ (ورک شاپ) کا دورہ کرنے کا انتظام کریں یا فنکار کو فن کا مظاہرہ کرنے کے لیے اسکول میں مدعو کریں۔ انٹرویو کے لیے ضروری سوالات تیار کرائیں۔

CG -4
C- 4.1,4.2
LO - 03AE
25/42/60

## میرا عمل

۱) اپنے علاقے میں منائے جانے والے پسندیدہ تہوار کی تصویر چپکاؤ اور اس کے بارے میں مختصر معلومات لکھو۔

۲) اپنے علاقے کے کسی فنکار سے گفتگو (انٹرویو) کر کے ان کے بارے میں معلومات جمع کرو اور لکھو۔

۳) اپنے علاقے میں تہوار-تقریب کے موقع پر گائے جانے والے کوئی بھی دو روایتی گیت جمع کرو اور انھیں دھن کے ساتھ پیش کرو۔

۴) اپنے علاقے کے کسی بھی ایک فن کی قسم کے بارے میں معلومات جمع کر کے پروجیکٹ پیش کرو۔

۵) اپنے علاقے کے مقامی رقص کے بارے میں تصویروں کے ساتھ معلومات جمع کرو اور اس کے آسان و سادہ حرکات پیش کرو۔

# اندراجات

# राज्यगीत

जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।धृ।।

भिती न आम्हा तुझी मुळी ही गडगडणाऱ्या नभा
अस्मानाच्या सुलतानीला जबाब देती जिभा
सह्याद्रीचा सिंह गर्जतो शिव शंभू राजा
दरी दरीतून नाद गुंजला महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।१।।

काळ्या छातीवरी कोरली, अभिमानाची लेणी
पोलादी मनगटे खेळती, खेळ जीवघेणी
दारिद्र्याच्या उन्हात शिजला
निढळाच्या घामाने भिजला
देश गौरवासाठी झिजला
दिल्लीचे ही तख्त राखितो, महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा ।।२।।

پیارے طالب علم دوستو اور سہیلیو!

اگر آپ کو کسی نے نامناسب طریقے سے چھوا تو آپ بے چین ہو گئے ہوں گے، اس پر آپ بالکل خاموش نہ رہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں۔

1) اپنے آپ کو موردِ الزام نہ ٹھہرائیں۔

2) آپ کو جس پر بھروسہ ہے اسے اس واقعے کے بارے میں بتائیں۔

3) آپ پوکسو ای-باکس کے ذریعے آپ کے حقوق کے تحفظ کے لیے قائم کردہ قومی کمیشن کو بھی مطلع کر سکتے ہیں۔

جب کوئی آپ کو نامناسب طریقے سے چھوتا ہے تو آپ کو بُرا لگ سکتا ہے، آپ اُلجھن محسوس کر سکتے ہیں، آپ بے بسی محسوس کر سکتے ہیں، لیکن 'بُرا' محسوس کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، کیونکہ یہ آپ کی غلطی بالکل نہیں ہے۔




اس بٹن کو دبائیں۔

**POCSO** یہ **e-box** ویب سائٹ : **ncpcr@gov.in** پر دستیاب ہے۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ کو ہراساں کیا گیا ہے، آپ اُلجھن میں ہیں، پریشان ہیں یا تناؤ کا شکار ہیں، یا کسی ایسے بچّے کے بارے میں جانتے ہیں جسے ہراساں کیا گیا ہے، تو **1098** پر رابطہ کریں۔ اس طرح آپ کی اور دوستوں کی زندگی بدل سکتی ہے۔




**چائلڈ لائن 1098** : یہ ایک 24 گھنٹے والی ٹول فری قومی فون سروس ہے۔ یہ چائلڈ لائن فاؤنڈیشن کی طرف سے شروع کی گئی ایک پہل ہے، جسے وزارت برائے ہنگامی حالات برائے خواتین اور بچوں کی ترقّی نے متاثرین کے لیے شروع کیا ہے۔

नए समाज की ओर
Towards a new dawn

- ہدایت: طلبہ کو محفوظ اور غیر محفوظ لمس کے تعلق سے معلومات دیں۔

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۱۱۰۰۴ -

कलाशिक्षण इयत्ता तिसरी (उर्दू माध्यम)

مفت تقسیم کے لیے

समग्र शिक्षा
Samagra Shiksha



कलाशिक्षण इयत्ता तिसरी (उर्दू माध्यम)